
۱۸(۱۸)۔تمہاری کچھ بیویاں اور تمہاری کچھ اولاد، تمہاری دشمن ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ (التغابن ۶۴/۱۴)۔

ترجمہ: مومنو! تمہاری عورتیں اور اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن (بھی) ہیں، سو ان سے بچتے رہو اور اگر معاف کردو اور درگزر کرو اور بخش دو، تو اللہ تعالیٰ بھی بخشنے والا مہربان ہے۔

تشریح: حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ اس آیت کا شان نزول کچھ یوں ہے، کچھ مکی لوگوں نے اسلام تو قبول کرلیا تھا، لیکن اپنے بال بچوں کی محبت کی بنا پر وہ ہجرت نہ کر سکے، پھر جب انہیں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں باریابی نصیب ہوئی تو انہوں نے دیکھا کہ وہ لوگ جنہوں نے پہلے ہجرت کر لی تھی وہ علم و عمل میں ان سے بہت آگے نکل گئے ہیں۔ اس پر انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ اپنی بیویوں اور اپنے بچوں کو سزا دیں کہ ان کی وجہ سے وہ نبی اکرم ﷺ کی مصاحبت اور حصول علم سے محروم رہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں انہیں یہ حکم دیا کہ وہ ایسا ہرگز نہ کریں، بلکہ ان سے عفو و درگذر کا برتاؤ کریں (الطبری)

مفسرین نے لکھا ہے کہ اس سے مراد ایسی بیویاں اور اولاد ہے، جو بندے کو اللہ کی راہ پر چلنے سے روکے، اور اسے دنیاوی دلدل میں پھنسانے کی کوشش کرے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

18(18).Let not your Kindred stop you from Allah's Obedience

Transliteration:

"Yaaa-ayyuhallaziina `aa-manuuu inna min azwaajikum wa `awlaadikum `aduwwal-la-kum fabzaruuhum! Wa in-ta`fu u wa tas-fahuu wa tag-firuu fa- innallaaha Gafuurur-Rahiim." Al-Taghabun. 64-14

Translation:

O, you who believe! Verily, among your wives and your children there are enemies for you (who may stop you from the obedience of Allah); therefore beware of them! But if you pardon (them) and overlook, and forgive (their faults), then verily Allah is Oft-Forgiving, Most Merciful.

[It is narrated by Ibn-Abbas(رضی اللہ عنہ) that some residents of Mecca had accepted and embraced Islam but their love for their children and property prevented them from Hijrat [emigrating] to Medina. At a later period when they were in the company of the Allah's Messenger(ﷺ). They realized that those Muslims who had arrived earlier [before them] had gained plentiful knowledge and understanding of the religion. This made them angry and they wanted to punish their children and wives because of whom, they were deprived of both the presence and the teachings of the Allah's Messenger(ﷺ). But Allah ordered them to be tolerant and to forgive their families who had become their weakness and Allah is Most Forgiving and Merciful.] [Tafseer Ibn-Kateer]

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۹(۱۹)۔ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو آتشِ جہنم سے بچاؤ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (التحریم،۶۶/۶)

ترجمہ: مومنو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو آتش (جہنم) سے بچاؤ، جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں اور جس پر تند خو اور سخت مزاج فرشتے (مقرر) ہیں جو ارشاد اللہ ان کو فرماتا ہے وہ اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم ان کو ملتا ہے اسے بجالاتے ہیں۔

تشریح: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ اپنے ساتھ اپنے بال بچوں کا بھی خیال رکھیں اور انہیں عذاب جہنم سے بچانے کے لیے ان کی رہنمائی اور ان کی مناسب اور صحیح تربیت کریں۔ ایک حدیث مبارکہ میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے بچوں کو سات برس کی عمر میں نماز پڑھنے کا حکم دو اور اگر وہ نماز نہ پڑھیں تو دس برس کی عمر میں ان کو مناسب سزا دو۔

قبیلے، خاندان، اور قصبے کا سربراہ درجہ بدرجہ اللہ تعالیٰ کے احکام کے نفاذ اور ان کی تعمیل کے لیے ذمہ دار ہیں، ان احکام کے ضمن میں بھی ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ماتحت لوگوں میں دینی احکام کی پابندی کا خیال رکھیں اور مناسب احکام کا نفاذ کریں۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

19(19). Ward off yourselves and your families from fire (Hell).

Transliteration;

"Yaaa-ayyuhallaziina `aa-manuuu quuu anfusakum wa `ahliikum naaranw-waquudu-han-Naasu wal-Hijaaratu `alay-haa malaaa-`ikatun gilaazun shidaadul-laa ya`-suunaliaaha maaa`amarhum wa yaf-`aluu-na maa yu`-marun." (Al-Tahreem: 66:6)

Translation:

O, you who believe! Ward off Yourselves and your families against a Fire (Hell) Whose fuel is men and stones, over which are (appointed) angels stern (and) severe, who disobey not, (from executing) the Commands they receive from Allah, but do that which they are commanded.

[Each and every Muslim, is obliged to offer Salat {prayers] regularly five times a day at their specified times, one must offer the Salat as the Prophet(ﷺ). used to offer them with all their rules and regulations, the male in the mosque in congregation and the female at home. Prophet (ﷺ) has said, "Order your children for Salat at the age of seven and beat them [about it) at the age of ten. "The chief [of a family, town, tribe etc.] and the Muslim rulers of a country are held responsible before Allah in case of non-fulfillment of this obligation by the Muslims under their authority.]
{The Noble Qur'an "English Translation"}

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۰(۲۰)۔ اللہ کے سامنے سچے دل سے توبہ کرو

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (التحریم،۶۶/۸)

ترجمہ: مومنو! اللہ کے آگے صاف دل سے توبہ کرو، امید ہے کہ وہ تمہارے گناہ تم سے دور کردے گا اور تم کو باغ ہائے بہشت میں، جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں، داخل کردے گا۔ اس دن اللہ پیغمبر کو اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں، رسوا نہیں کرے گا، بلکہ ان کا نور (ایمان) ان کے آگے اور داہنی طرف روشنی کرتا ہوا چل رہا ہوگا اور وہ اللہ سے التجا کریں گے کہ ''اے پروردگار، ہمارا نور ہمارے لیے پورا کر اور ہمیں معاف فرما، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے''۔

تشریح: ''توبۃ نصوح'' کا مطلب یہ ہے کہ بندہ سچے دل سے اللہ کے سامنے توبہ کرے اور آئندہ کے لیے گناہ چھوڑنے کا عزم مصمم کرے،... گناہ کیے بغیر بھی، اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ کرنے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگنے کا حکم ہے، حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں، کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ہر روز ستر سے زیادہ مرتبہ اللہ کے سامنے استغفار کرتا ہوں (البخاری)، اس کی وجہ یہ ہے، کہ بعض اوقات انسان کو خود بھی علم نہیں ہوتا کہ اُس نے کوئی گناہ کیا ہے، یا نہیں، مگر وہ گناہ اللہ کی نظر میں ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی صفت رحمت وعفو کا اندازہ حضرت ابو ہریرہؓ ہی کی روایت کردہ اس حدیث سے ہوتا ہے، کہ آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے پاس رحمت کے ۱۰۰ حصے ہیں۔ ان میں سے اللہ تعالیٰ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

20(20). Turn to Allah in sincere repentance:

Transliteration;

"Yaaa-ayyuhallaziina `aa-manuu tuu buu Ilallallahi Taw - batan - Nasuuhaa: `asaa Rab-bukum `any-yukaffira `ankumsayyi `aatikum wa yud-khila-kum Jannaatin-tajrii min tah-tihal-`anhaaru Yawma laa yukhzilaahun-Nabiyya wal - laziina `aamanuu ma -`ah. Nuuruhum yas-`aa bayna `aydiihim wa bi-`aymaanihim yaquuluuna'Rabbanaaa `at-min lanaa Nuuranaa wagfir lanaa: `innaka `alaa kulli Shay-in-Qadiir."(Al-Tahreem: 66:8)

Translation:

O, you who believe! Turn to Allah with sincere repentance! It may be that your Lord will expiate from your sins, and admit you into Gardens under which rivers flow (Paradise) the Day that Allah will not disgrace the Prophet (Muhammad(ﷺ) and those who believe with him. Their Light will run forward before them and (with their Records - Books of deeds) in their right hands. They will say: "Our Lord! Keep perfect our light for us and do not put it off till we cross over the Sirat (a slippery bridge over the Hell) safely and grant us forgiveness. "Verily, you are Able to do all things."

[Narrated Abu Hurrairah(رضی اللہ عنہ)

I heard Allah's Messenger(ﷺ) saying: "By Allah I seek Allah's forgiveness and turn to him in repentance for more than seventy times a day." Other than Shirk. [That you associate a partner with Allah] which is the greatest sin one which Allah will not forgive. It is best for each

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے ایک حصہ دنیا میں اتارا ہے، اسی کی بنا پر جنات، انسان اور تمام چرند پرند اور حیوان اپنے بچوں اور ایک دوسرے سے محبت وشفقت رکھتے ہیں، جبکہ اللہ تعالیٰ نے رحمت کے ننانوے حصے اپنے پاس رکھے ہیں (البخاری)

حضرت عمر فاروقؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں کچھ قیدی لائے گئے، ان میں ایک عورت بھی تھی، اُسے جو بچہ بھی نظر آتا اُسے اٹھا کر اپنے سینے سے لگا لیتی اور دودھ پلانا شروع کر دیتی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے، کیا یہ عورت اپنے بچے کو آگ میں ڈالنا پسند کرے گی؟ لوگوں نے کہا ہرگز نہیں، فرمایا: اللہ تعالیٰ اس عورت سے کئی گنا زیادہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ (البخاری)

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Muslim to offer his sincere repentance to Allah and seek his forgiveness all the time for besides the forbidden sins one never knows how many small sins each commits every day which he does not reckon to be wrong but are in the eye of Allah.

Thus to seek Allah's mercy, for Allah is Most Merciful and Oft forgiving.

Abu Hurraira(رضی اللہ عنہ) reported That he heard Allah's Messenger (ﷺ), saying: There are one hundred Parts of mercy for Allah and He has sent down out of these one part of mercy upon the Jinn's and human beings and the insects and it is because of this one part that they love one another, show kindness to one another, and even the beast treats its young one with affection, and Allah has reserved ninety-nine parts of mercy with which He would treat His servants on the day of Resurrection. (Sahih Bukhari).

In another similar narration;Umar bin Khattab (رضی اللہ عنہ) reported that there were brought some prisoners to Allah's Messenger(ﷺ). amongst whom there was also a woman who was searching for someone and when she found a child amongst the prisoners, she took hold of it, pressed it against her chest and provided it suck. Thereupon the Allah's Messenger(ﷺ). Said: do you think this woman would ever afford to through her child in the fire? We said: By Allah, so far as it lies in her power, she would never throw the child in Fire. Thereupon Allah's Messenger(ﷺ) said: Allah is more kind to His servants than this woman is to her child.] [Sahih Muslim]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آداب نبوی ﷺ

اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ، دنیا میں مبعوث ہونے والے، اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں، (الاحزاب، ۴۰/۳۳) آپ ﷺ تمام مسلمانوں پر، ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں اور آپ ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہیں (الاحزاب ۵/۳۳) آپؐ کے سامنے اونچی آواز سے گفتگو کرنے سے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں (الحجرات ۲/۴۹) آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے وہ کلام عطا کیا کہ اگر اسے کسی پہاڑ پر اتارا جاتا، تو وہ پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جاتا (الحشر ۲۱/۵۹)۔ آنحضرت ﷺ کا فرمان اللہ کا فرمان ہے (النجم، ۵/۵۳)۔ آپؐ کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔ اسی بنا پر، اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ پر ایمان لانے والوں کو آپؐ کی مجلس، اور آپؐ کے ذکر مبارک کے بہت سے آداب سکھائے ہیں..... ان آداب کی درج ذیل اقسام ہیں:

ا۔ آنحضور ﷺ کی مجلس مبارکہ کے آداب

جو خوش قسمت حضرات نبی اکرم ﷺ کی مجالس میں حاضر ہوتے انہیں قرآن مجید میں آپؐ کی مجالس میں آنے، بیٹھنے اور آپؐ کی گفتگو سے استفادہ کرنے کے آداب سکھائے گئے ہیں،.... آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد ان آداب کا اطلاق کسی حد تک آنحضور ﷺ کی احادیث مبارکہ اور آپ کے ارشادات کی سماعت پر ہوتا ہے اور یوں یہ آداب قیامت تک جاری رہیں گے۔

اسی طرح آنحضور ﷺ کی مجالس ہائے مبارکہ سے متعلق احکام کا اطلاق آپ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Manners Expected of a Believer Towards Allah's Messenger

Allah States in The Noble Qur'an

"Whoever disobeys and contradicts the Messenger (ﷺ) after guidance has been clarified to him, and follows other than the path of the believers, We shall give to him what he deserves and broil him in hell, which is the worst abode." [An-Nisaa 4:115]

Allah's Messenger (ﷺ) Said:

"Actions are judged by their intentions; everyone will be rewarded according to his/her intention. So whoever migrates for the sake of Allah and His Prophet then his migration will be noted as a migration for the sake of Allah and His Prophet (ﷺ). Conversely, one who migrates only to obtain something worldly or to marry a woman, then his migration will be worth what he had intended. [Bukhari]. The Prophet(ﷺ) also said: 'Whoever believes in Allah and the Last Day, should say something good or keep quiet.

The closest of all the Companions of Allah's Messenger(ﷺ) had an immense respect and regard for the Messenger of Allah they maintained elegant mannerism while in his presence and it is mandatory

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے روضہ اقدس پر حاضری پر بھی کیا جاتا ہے۔ وہاں ان تمام آداب کی رعایت رکھنا ضروری ہے۔ ان میں سے بعض آداب آنحضور ﷺ کی دنیوی حیات مبارکہ تک محدود تھے، مثلاً آپ کے سامنے ''راعنا'' نہ کہنے کا حکم، وغیرہ۔

۲۔ آنحضور ﷺ کے گھر مبارک میں جانے کے آداب

ان میں اکثر آداب کا تعلق آپ کی دنیوی حیات مبارکہ کے ساتھ تھا۔

۳۔ آنحضور ﷺ کے وصال مبارک کے بعد کے آداب

یہ آداب قیامت باقی اور قائم رہیں گے۔ مثال کے طور پر، آپؐ سے اور آپ کے خاندان سے خود کو یا اپنے خاندان کے کسی فرد کو یا دنیا کے کسی اور فرد کو محبت، عقیدت، وابستگی اور ذکر وغیرہ میں مقدم نہ کرے۔ آپ کا ذکر مبارک ادب واحترام کے ساتھ کرے، آپؐ پر درود وسلام کی کثرت کرے.....وغیرہ (اللھم صل علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ اجمعین)

نبی اکرم ﷺ کی ذات اقدس کے متعلق جو آداب سکھائے گئے ہیں، چونکہ ان کا تعلق بھی ایمان سے ہے، اس لیے کہ ان آداب کی خلاف ورزی سے، بندے کا ایمان ضائع ہو جاتا ہے، اسی لیے ہم ایسی آیات کو.....ایمانیات وعقائد کے بعد لا رہے ہیں۔ بہر حال ''يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا'' سے شروع ہونے والی آیات میں جو آداب سکھائے گئے ہیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

O, you who believe.....

upon all Muslim to pay respect to Allah's Messenger (ﷺ) in a manner best described in the following verses addressed to the believers, in the Noble Qur'an.

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا(۲۱)۔ پیغمبر ﷺ کی مجلس میں راعنا کی بجائے انظرنا کہا کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ (البقرہ،۲/۱۰۴)

ترجمہ: اے اہل ایمان (گفتگو کے وقت اللہ کے نبی کو) راعنا نہ کہا کرو، انظرنا کہا کرو اور خوب سن رکھو اور کافروں کے لیے دکھ دینے والا عذاب ہے۔

تشریح: جب یہودی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آتے، تو باتوں باتوں میں آپ کا مذاق اور تمسخر اڑانے کی کوشش کرتے۔ عربی زبان کی رو سے، اگر کسی شخص کو کوئی بات سمجھ نہ آتی تو وہ کہتا: راعنا (ہماری رعایت کیجیے) یعنی بات کو دہرا دیجیے، لیکن یہودی راعنا کی بجائے، اس کی عین کو ذرا کھینچ دیتے، اور راعینا..... کی آواز پیدا کر دیتے، جس کا مطلب ہے۔ اے ہمارے چرواہے۔

علاوہ ازیں ''راعنا'' عبرانی زبان میں ایک گستاخانہ کلمہ تھا۔ اس لیے اس لفظ کی بجائے دوسرا متبادل لفظ عطا فرمایا۔ یعنی انظرنا (لفظی معنی، ہماری طرف دیکھیے)..... دونوں کا مطلب ایک ہی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم ﷺ کی شان اقدس میں کوئی ایسا لفظ استعمال کرنا بھی درست نہیں ہے، جس کے معنی میں غلط مفہوم تک ہو سکتا ہو۔ سورۃ النسآء (۴/۴۶) میں ہے:

اور یہ جو یہودی ہیں، ان میں سے کچھ ایسے لوگ بھی ہیں، کہ کلمات کو ان کے مقامات سے بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور نہیں مانا اور سنیے اور نہ سنوائے جاؤ، اور زبان کو موڑتے ہوئے اور دین میں طعن کی راہ سے (تم سے گفتگو کے وقت) ''راعنا'' کہتے ہیں، ''اور اگر وہ یوں کہتے، ہم نے سن لیا اور مان لیا اور (راعنا کی جگہ) انظرنا کہتے، تو ان کے حق میں بہتر ہوتا اور بات بھی بہت درست ہوتی، لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کر رکھی ہے، تو یہ ایمان نہیں لاتے مگر بہت کم۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1(21). For the disbelievers there is a painful torment:

Transliteration:

"Yaaa-ayyuhallaziina `aa-manuuu laa taquuluu raa-`inaa wa quulunzurnaa was-ma-uu. Wa lil-Kaafiriina `azaabun `aliim." (Al-Baqara:2:104)

Translation:

O, you who believe! Say not (to the Messenger(ﷺ) Ra'ina but say un-zurna (make us understand) and hear. And for the disbelievers there is a painful torment.

[Raina: In Arabic means: carefully, Listen to us and we listen to you, whereas in Hebrew is an Insult, and the Jews used to say it to the Prophet (ﷺ) with bad Intention]

This is further detailed in chapter 46 of Surah An-Nissa:

Among those who are Jews there are some who displace words from (Their) right places and say we hear your word (O Muhammad(ﷺ) and disobey and hear and let you (O, Muhammad(ﷺ) hear nothing and raaina with a twist of their tongues and as a mockery of the religion (Islam) and if only they had said we hear and obey, and do make us understand, it would have been better for them and more proper, but Allah has cursed them for their disbelief, so they believe not except a few. (Al-Nisa:4:46)]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲(۲۲)۔ نبی اکرم ﷺ سے فضول سوال نہ کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْئَلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ (المائدہ،۵/۱۰۱)

ترجمہ: مومنو! ایسی چیزوں کے بارے میں مت سوال کرو کہ اگر (ان کی حقیقتیں) تم پر ظاہر کردی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور قرآن کے نازل ہونے کے ایام میں ایسی باتیں پوچھو گے تو تم پر ظاہر بھی کردی جائیں گی (اب تو) اللہ نے ایسی باتوں (کے پوچھنے) سے درگزر فرمایا ہے اور اللہ بخشنے والا بردبار ہے۔ ایسی باتیں تم سے پہلے لوگوں نے بھی پوچھی تھیں، مگر جب بتائی گئیں تو پھر وہ اس سے منکر ہو گئے

تشریح: حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں، کہ لوگ نبی اکرم ﷺ سے عجیب وغریب قسم کے سوال کرتے، کوئی کہتا "میرا باپ کون ہے؟" کوئی پوچھتا، یا رسول اللہؐ میری اونٹنی گم ہوگئی ہے، بتایئے وہ کہاں ہے؟ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور لوگوں کو ایسے سوالات پوچھنے سے منع کردیا۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جن باتوں سے میں نے تمہیں منع کیا اُن سے باز رہو اور جن باتوں کا میں نے تمہیں حکم دیا ہے ان کو اپنی استطاعت کے مطابق ادا کرو، تم سے پہلی قومیں اس بنا پر ہلاک ہوگئیں کہ انہوں نے اپنے نبیوں سے سوالات پوچھے، تو ان کی وضاحت کرتے ہوئے، شریعت کے احکام میں، ان پر سختی کی گئی، پھر وہ ان پر عمل نہ کرسکے۔ (صحیح مسلم)۔

☆.....☆

17338

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2(22). Not to ask irrelevant questions:

Transliteration:

"Yaaa-ayyuhallaziina `aa-manuuu laa tas-`aluu `an `ash-yaaa-`a `in-tubda lakum tasu`-kum. Wa `in tas-`aluu `anhaa hiina yunazza-lul-Qur `aanu tubda lakum. `Afal-laahu `an-haa : wallaahu Gafuurun Ha-liim." (Al-Maida:5:101)

Translation:

O, you who believe! Ask not about things which, if made plain to you, may cause you trouble. But if you ask about them while the Qur'an is being revealed, they will be made plain t o you. Allah has forgiven that, and Allah is Oft-Forgiving Most Forbearing.

[Narrated Ibn Abbas:(رضی اللہ عنہ) Some people were asking Allah's Apostle(ﷺ) questions mockingly A man would ask, "who is my father "another man whose she camel had gone astray would say, "where is my she camel "So Allah revealed this verse:

Abu Hurrairah(رضی اللہ عنہ): reported that he heard Allah's Messenger(ﷺ). as saying: Avoid that which I forbid you to do and do what I command you to do to the best of your capacity. Verily the people before you went to their doom because they had put too many questions to their prophets and then disagreed with their teachings.] (Sahih-Muslim)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳(۲۳)۔ پیغمبر کے گھر میں داخل ہونے کے آداب

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۚ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۚ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ۚ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۚ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا (الاحزاب ۳۳/۵۳)

ترجمہ: مومنو! پیغمبر کے گھروں میں نہ جایا کرو، مگر اس صورت میں کہ تم کو کھانے کے لیے اجازت دی جائے، اور اس کے پکنے کا انتظار بھی نہ کرنا پڑے، لیکن جب تمہاری دعوت کی جائے تو جاؤ اور جب کھانا کھا چکو تو چل دو اور باتوں میں جی لگا کر نہ بیٹھے رہو۔ یہ بات پیغمبر کو ایذا دیتی تھی اور وہ تم سے شرم کرتے تھے (اور کہتے نہیں تھے)، لیکن خدا سچی بات کہنے سے شرم نہیں کرتا اور جب پیغمبر کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے باہر سے مانگو۔ یہ تمہارے اور ان کے، دونوں کے دلوں کے لیے پاکیزگی کی بات ہے، اور تم کو یہ شایاں نہیں کہ اللہ کے رسول کو تکلیف دو، اور نہ یہ کہ ان کی بیویوں سے کبھی ان کے بعد نکاح کرو، بے شک یہ اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ کا کام) ہے۔

تشریح: حضرت انسؓ نے اس آیت کا شان نزول یہ بیان کیا ہے، کہ "جب نبی اکرم ﷺ نے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3(23). Seek Permission, to enter the Prophet's house.

Transliteration:

"Yaaa-`ayyuhallaziina `aa-manuu laa tad-khuluu buyuutan Nabiyyi `illaaa `any - yu ` zana lakum `ilaa ta - `aamin gayra naaziriina `inaahu wa laakin `izaa du-`iitum fadkhuluu fa-`izaa ta-`imtum fantashiruu wa laa musta` -nisiina li - hadiis. `Inna zaalikum kaana yu`-zin- Nabiyya fayastah-yii minkum ; wallaahu laa yastah-yii minal-haqq. Wa `izza sa-`altumuu-hunna mataa-`an fas-`aluuhun-na minw-waraaa-`i hijaab: zaa-likum `atharu li-quluubikum wa quluubihinn. Wa maa kaana lakum `an-tankihuuu `azwajahuu mim-ba` dihiii `abadaa. `Inna zaalikum Kaana `indallahi `aziimaa." (Al-Ahzab:33:53)

Translation:

O, you who believe! Enter not the Prophet's house, unless permission is given to you for a meal, (and then) not (so early as) to wait it for its preparation. But when you are invited, enter, and when you have taken your meal, disperse without sitting for a talk. Verily, such (behavior) annoys the Prophet, and he is shy of (asking) you (to go): but Allah is not shy of (telling you) the truth, and when you ask (his wives) for anything)' you want, ask them from behind a screen: that is purer for your hearts and for their hearts and it is not (right) for you that you should annoy Allah's 's Messenger, nor that you should ever marry his wives

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت زینبؓ بنت جحش سے نکاح کیا، تو آپؐ نے لوگوں کو کھانے کی دعوت دی۔ اس موقع پر لوگوں نے کھانا کھا لیا، مگر پھر وہ بات چیت کرنے لگ گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے مجلس سے اُٹھ گئے (اور اس طرح آپؐ نے اس بات کا اظہار کیا گویا آپ مجلس برخاست کر رہے ہیں)، مگر لوگ پھر بھی نہ اُٹھے، آپ مجلس سے اُٹھ گئے، مگر اور تین افراد بدستور بیٹھے رہے اور بات چیت میں مشغول رہے؛..... نبی اکرم ﷺ کچھ دیر کے بعد واپس آئے اور گھر کے اندر داخل ہونا چاہا، مگر دیکھا کہ وہ تینوں افراد بدستور گفتگو میں مشغول ہیں، آپؐ پھر باہر چلے گئے، پھر جب وہ تینوں اُٹھ کر گئے، تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو جا کر یہ بات بتلائی، آپ گھر میں تشریف لے آئے، میں نے آپؐ کے ساتھ گھر کے اندر داخل ہونا چاہا، مگر آپؐ نے میرے اور اپنے درمیان پردہ ڈال دیا، اس وقت یہ آیت نازل ہوئی (البخاری، ۵۲۷/۸، حدیث ۱۹، ۴۷۔ کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الاحزاب)۔

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو دوسروں کے گھر میں جاتے وقت آداب کا خیال رکھنا چاہیے، جبکہ مذکورہ آیت میں امت کو ''آداب نبوت'' سکھائے گئے ہیں اور آپؐ کے گھر والوں کے فضائل بیان ہوئے ہیں۔

☆.....☆

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

after him (his death). Verily, with Allah that shall be an enormity.

[Narrated Anas bin Malik: When Allah's Apostle(ﷺ) married Zainab bint Jahsh(رضی اللہ عنہا) he invited the people to a meal. They took the meal and remained sitting and talking. Then the Prophet (showed them) as if he is ready to get up, yet they did not get up. When he noticed that (there was no response to his movement), he got up, and the others too, got up except three persons who kept on sitting. The Prophet came back in order to enter his house. but he went away again. Then they left, whereupon I set out and went to the Prophet to tell him that they had departed, so he came and entered his house. I wanted to enter along with him, but he put a screen between him and me. Then Allah revealed: 'O you who believe! Do not enter the houses of the Prophet.] (33.53) (Sahih Al-Bukhari)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴(۲۴)۔ اللہ کے نبی ﷺ پر درود وسلام بھیجتے رہو۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا O (الاحزاب،۵۶/۳۳)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود وسلام بھیجتے ہیں مومنو! تم بھی پیغمبر پر درود وسلام بھیجا کرو۔

تشریح: تفسیر ابن کثیر میں ہے، کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں یہ بیان کیا ہے، کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ پر فرشتوں کی معیت میں درود وسلام بھیجتا ہے، لہذا کائنات ارضی کے رہنے والے بھی آپ پر درود وسلام بھیجیں، یوں ملاء اعلیٰ (بالائی کائنات) اور زیریں کائنات دونوں آپ پر درود وسلام بھیجنے میں اتفاق کرلیں۔

حضرت عبدالرحمان بن لیلیٰ کہتے ہیں، کہ مجھے کعب بن عجرہ ملے، کہنے لگے کہ میں تمہیں ایک ہدیہ نہ دوں جو میں نے نبی اکرم ﷺ سے حاصل کیا تھا؟ میں نے کہا ضرور دیجئے کہنے لگے کہ میں نے آنحضور ﷺ سے پوچھا: یارسول اللہ ہمیں آپ پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو معلوم ہے، آپ یہ بتایئے، کہ آپ پر صلاۃ (درود) کیسے بھیجی جائے؟ آپ نے فرمایا: تم کہو!

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

(البخاری، حدیث ۴۷۹۷)۔

ترجمہ: اے اللہ! محمد ﷺ، اور آپ کی آل پر درود نازل فرما جیسے کہ تو نے (حضرت)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

4(24). Salutations and greetings to Allah's Messenger(ﷺ).

Transliteration:

"Innallaaha wa Malaa-`i-katahuu yusalluuna `alan-Na-biyy: Yaaa-`ayyuhallaziina `aa-manuu salluu `alayhi wa sallimuu tasliimaa." (Al-Ahzab:33:56)

Translation:

Allah sends His Salat (Graces. Honours. Blessings, Mercy) on the Prophet Muhammad(ﷺ) and also His angels (ask Allah to bless and forgive him). O you who believe! Send your Salat on (ask Allah to bless) him (Muhammad(ﷺ), and (you should) greet (salute) him with the Islamic way of greeting (salutation i.e. As-Salamu Alaikum).

[Commenting on this Qur'anic verse: Ibn-Kathir said, "In this verse Allah the exalted, informs His servants about he revered status of the Holy Prophet(ﷺ). occupies with Him in the higher assembly." He revealed that, He [Allah] praises him [His Messenger(ﷺ)] in the company of the angels close to Him, and that the Angels also pray for him. And that Allah commands the inhabitants of the lower world to send their salutations and greetings to the Prophet(ﷺ). So that the lower and the higher worlds would join together in his praise.] (Tafseer Ibn-Katheer)

[Narrated Abdur Rehman bin Abi Laila: Ka'ab bin Jirah met me and said shall I not give you a present I got from the Prophet (ﷺ).Abdur Rehman said yes, give it to me. I said we asked Allah's Messenger(ﷺ) saying O, Allah's Messenger(ﷺ). How should one [ask Allah to] send

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابراہیم اوران کی آل پر درود نازل کیا۔یقیناً تو ہی بزرگی والا اور تعریف کیا ہوا ہے۔اے اللہ برکت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر جیسے کہ تو نے برکت نازل کی ابراہیمؑ پر اوران کے خاندان پر، بے شک تو ہی تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے، کہ آپؐ نے فرمایا:

جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اُس پر دس مرتبہ اپنی رحمت نازل فرمائے گا۔(مصابیح السنۃ)۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

As-Salat upon you and Ahl-e-bait] the members of the family of the prophet(ﷺ)] For Allah has taught us how to greet you? He(ﷺ). said.say "Allahumma sallia ala'a Muhammadin waalla ale Muhammdin, kama sallaita alla Ibrahima waalla ale Ibrahima innaka hamidun majeed.Allahumma barik Allah Muhammadin wa alla. ale Muhammadin kama barakta'a alla Ibrahima wa ale Ibrahima innakka hamidun majeed.{O, Allah! Send Salat (graces, honors and Mercy) on Muhammad(ﷺ) and on his family or his followers as You sent Your Salat (graces, honors and Mercy) on Ibrahim and on the family of Ibrahim or his followers for You are The Most Praise Worthy, The Most Gracious. O, Allah! Send Your Blessings on Muhammad(ﷺ) and on his family or his followers as You sent your Blessings on Ibrahim and on the family or the followers of Ibrahim, for You are the Most Praise Worthy, The Most Gracious).

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵(۲۵)۔اپنے نبی کو ایذا نہ دو، جیسا کہ یہودیوں نے حضرت موسیٰؑ کو ایذا دی تھی

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا (الاحزاب،۶۹/۳۳)

ترجمہ: مومنو! تم ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو (عیب لگا کر) رنج پہنچایا، تو اللہ نے ان کو بے عیب ثابت کیا اور وہ اللہ کے نزدیک آبرو والے تھے۔

تشریح: حدیث نبویؐ میں اس واقعے کی تفصیل ملتی ہے:

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، کہ بنی اسرائیل کے لوگ ایک دوسرے کے سامنے ننگے ہو کر نہایا کرتے تھے، مگر (حضرت) موسیٰ علیہ السلام سب سے الگ ہو کر نہاتے،....لوگوں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ موسیٰ علیہ السلام کو ان کے قابل ستر حصے میں کوئی برص وغیرہ کی بیماری ہے، جبھی تو وہ لوگوں کے سامنے نہیں نہاتے۔ ایک دن جب وہ الگ تھلگ جگہ میں غسل کر رہے تھے۔ جب وہ غسل سے فارغ ہوئے اور کپڑے پہننا چاہے تو انہوں نے جس پتھر پر اپنے کپڑے اتار کر رکھے تھے، وہ پتھر ان کے کپڑے لیکر بھاگ کھڑا ہوا۔ حضرت موسیٰ پتھر کے پیچھے لکڑی لیکر یہ کہتے ہوئے دوڑ پڑے۔ اے پتھر میرے کپڑے دیدے، یہاں تک کہ یہ پتھر، بنی اسرائیل کی ایک جماعت کے پاس جا کر رک گیا۔ جب انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو برہنہ دیکھا، تو انہوں نے جان لیا کہ موسیٰ علیہ السلام کے جسم پر کوئی بیماری نہیں،....موسیٰ علیہ السلام نے کپڑے لیے اور پتھر پر لاٹھی مارنا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5(25). Be not like Jews, who annoyed Moses:

Transliteration:

"Yaaa-`ayyuhallaziina `aa-manuu laa takuunuu kallaziina `aazaw Muusaa fabarra-`a-hul-laahu mimaa qaaluu : wa kaana `indallaahi wajiihaa." (Al-Ahzab:33:69)

Translation:

O, you who believe! Be not like those who annoyed Musa (Moses) but Allah cleared him of that which they alleged, and he was honorable before Allah.

[Narrated Abu Hurairah(رضی اللہ عنہ) Allah's Messenger (ﷺ) said, "(Prophet) Musa (Moses) was a shy person and used to cover his body completely because of his extensive shyness. One of the Children of Israel annoyed him by saying 'He Covers his body in this way only because of some defect in his skin, either leprosy or scrotal hernia, or he had some other defect.' Allah Wished to clear Musa (Moses) of what they said about him: so one day while Musa (Moses) was in seclusion, he took off his Clothes and put them on a stone and started taking a bath, When he had finished the bath, he moved towards his clothes so as to take them, but the stone took his clothes and fled. Mosâ (Moses) picked up his stick and ran after the stone saying, 'O stone! give me my Clothes!' till he reached a group of Bani Israel Who saw him naked then, and found him the best of what Allah had created; and Allah cleared him of what they had accused him of. The Stone stopped there and Musa (Moses) took and put his garment on and

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شروع کر دی جس سے اس پر تین، چار یا پانچ نشان پڑ گئے،....اس آیت میں اسی کی طرف اشارہ ہے،.... (البخاری، کتاب احادیث الانبیاء، ۴۳۶/۶، حدیث ۳۴۰۴)۔ایک اور حدیث میں ہے کہ جب حضرت موسیٰ اور حضرت ہارونؑ دونوں کوہ طور پر تشریف لے گئے، تو وہاں حضرت ہارونؑ کی وفات ہوگئی۔حضرت موسیٰ اکیلے واپس آئے، تو لوگوں نے حضرت موسیٰ پر ان کے قتل کا الزام لگایا، تو اللہ تعالیٰ نے انہیں اس سے بری کر دیا (ابن حجر، شرح صحیح البخاری، ۵۳۴/۶)۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

started hitting the stone with his stick, By Allah, the stone still has some traces of the hitting: three, four or five marks, This was what Allah (جل جلاله) refers to in His Saying:] [Sahih Al-Bukhari]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲(۲۶)۔اپنی آواز پیغمبر کی آواز سے پست رکھا کرو:

يَـٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُونَ (الحجرات،۲/۴۹)

ترجمہ: اے اہل ایمان! اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے اونچی نہ کرو اور جس طرح آپس میں ایک دوسرے سے زور زور سے بولتے ہو، (اس طرح) ان کے روبرو زور سے نہ بولا کرو (ایسا نہ ہو) کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔

تشریح: اس آیت کا شان نزول یہ بیان کیا جاتا ہے، کہ ایک دفعہ مجلس نبویؐ میں حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی آپس میں، میں تکرار ہوگئی، جس سے ان دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں، اس واقعے کی تفصیل حضرت ابن ابی ملیکہ سے مروی ہے، کہ بنوتمیم کا وفد نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آیا، انہوں نے کہا، یارسول اللہ ہم پر کسی کو عامل (گورنر) مقرر کردیں، حضرت ابوبکرؓ نے قعقاع بن معبد کا نام لیا، حضرت عمرؓ نے کہا یارسول اللہؐ اقرع بن حابس کو ان پر عامل بنادیں، حضرت ابوبکرؓ نے کہا، اے عمر! تم تو بس میری مخالفت کرنا چاہتے ہو، انہوں نے کہا، ایسا نہیں ہے میں تمہاری مخالفت برائے مخالفت نہیں کررہا، اس پر ان دونوں کی آوازیں اونچی ہوگئیں، تو اس پر یہ آیات نازل ہوئیں (البخاری، ۵۹۰/۸، حدیث ۴۸۴۵)۔

معلوم ہوا کہ اس بارے میں مسلمانوں کو بڑی احتیاط سے کام لینا چاہئے۔ چونکہ امت کا یہ عقیدہ ہے، کہ نبی اکرم ﷺ اپنے روضہ اطہر میں زندہ ہیں، لہذا وہاں حاضر ہونے والوں کو خاص طور پر اس کا خیال رکھنا چاہئے۔ اور وہاں شور شرابے، جھگڑے اور اونچی آواز میں بولنے سے احتراز کرنا چاہئے۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

6(26). Lower your voices In presence of the Holy Prophet (ﷺ)

Transliteration:

"Yaaa-`ayyuhallaziina `aa-manuu laa tarfa-`uuu `aswaata-kum fawqa sawtin-Nabiyyi wa laa tajharuu lahuu bil-qawli kajahri ba`-zikum li-ba`-zin`an tabbata `a`-maalukum wa `an-tum laa tash-`uruun."(Al-Hijurat:49:2)

Translation:

O, you who believe! Raise not your voices above the voice of the Prophet(ﷺ) nor speak aloud to him in talk as you speak aloud to one another, lest your deeds should be rendered fruitless while you perceive not.

[According to some traditions: A group of Bani Tamim came to the Prophet(ﷺ) (and requested him to appoint a governor for them). Abu Bakr said, "Appoint Al-Qaqa bin Mabad." Umar said, "Appoint Al-Aqra' bin Habeas." On that Abu Bakr said (to 'Umar). "You did not want but to oppose me" 'Umar replied, "I did not intend to oppose you!" So both of them argued till their voices grew loud.So the above Verse was revealed:] (Sahih Al-Bukhari)

[In the following verses 49:3 Allah says, Verily, those who lower their voices in the presence of Allah's Messenger(ﷺ) they are the ones whose hearts Allah has tested for piety forthem is forgiveness and a great reward. This respect is also due from us whenever Allah wills and gives us the opportunity to visit Masjid-e-Rasool Allah (ﷺ) that we pay great respect and do not indulge in pushing, crying aloud wailing or raising our voice at the resting-place of the Holy Prophet(ﷺ).]

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷(۲۷)۔ نبی اکرم ﷺ سے سرگوشی کے آداب

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۭ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (المجادلۃ، ۱۲/۵۸۔۱۳)

ترجمہ: مومنو! جب تم پیغمبر کے کان میں کوئی بات کہو تو بات کہنے سے پہلے (مساکین کو) کچھ خیرات دے دیا کرو، یہ تمہارے لیے بہت بہتر اور پاکیزگی کی بات ہے اور اگر خیرات تم کو میسر نہ آئے تو اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔ کیا تم اس بات سے کہ پیغمبر کے کان میں کوئی بات کہنے سے پہلے خیرات دیا کرو، ڈر گئے؟ پھر جب تم نے ایسا نہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں معاف کر دیا تو تم نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے رہو۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ اس سے باخبر ہے۔

تشریح: کچھ منافق عام مسلمانوں پر اپنا رعب بٹھانے اور اپنی اہمیت جتلانے کے لیے خوامخواہ نبی اکرم ﷺ کو الگ لیجا کر سرگوشی کرنا شروع کر دیتے۔ اس سے نبی اکرم ﷺ کا وقت بھی خوامخواہ کے لیے ضائع ہوتا، اور منافقوں کی اہمیت بڑھتی۔ اس لیے سرگوشی سے پہلے صدقہ و خیرات دینے کا حکم آیا، چونکہ منافقوں کا آخرت پر عقیدہ نہیں تھا، اس لیے اس حکم کے آنے سے، ان کی طرف سے سرگوشیوں کا سلسلہ بند ہو گیا، چنانچہ کچھ عرصے کے بعد، بعد والی آیت نازل ہوئی، جس میں، اس حکم کی تنسیخ کا اعلان کر دیا گیا۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

7(27). Private counsel with the Holy Prophet(ﷺ):

Transliteration:

"Yaaa-`ayyuhallaziina `aa-manuu `izaa naajay-tumur-Rasuula faqaddimuu bayna yaday - najwaakum sadaqah. Zaalika khayrul-lakum wa `at-har. Fa-`illam tajiduu fa-`in-nallaaha Gafuuru-Rahiim.* `A-`ashfaqtum an-tuqad-dimuu bayna yaday`najwaakum sadaqaat? Fa-`ia lam taf-`aluu wa taaballaahu `alaykum fa-`aqiimus - Salaata wa `aatuz Zakaata wa `atii-`ullaha wa Rasuulah. Wallaahu khabiirum - bimaa ta`-maluun." (Al-Mujadila: 58:12-13)

Translation:

O, you who believe! When you (want to) consult the Messenger (Muhammad(ﷺ) in private, spend something in charity before your private consultation. That will be better and purer for you. But if you find not (the means for it). Then verily, Allah is Oft- Forgiving, Most Merciful. Are you afraid of spending in charity before your private consultation (with him)? If then you do it not and Allah has forgiven you, then (at least) perform Salat (Iqamat-as-Salat) and give Zakat and obey Allah (i.e. do all that Allah and His Messenger(ﷺ) order you to do). And Allah is All-Aware of what you do.

[Some hypocrites, used to come in the assembly of the muslims, and just to show that, they are very close to the Messenger (ﷺ) they use to ask the Messenger, to listen to them, and they used to waste the time by asking silly questions, so it was advised to give Sadaqa, before any wished to consult the Messenger in private. Later when the hypocrites were prohibited this order were changed, as explained in this verse.]

☆.....

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ حلت وحرمت کے مسائل

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی ذات پر، ایمان لانے اور انہیں ''ماننے'' کا مطلب یہ ہے کہ بندہ حلت وحرمت اور جائز وناجائز کے سلسلے میں ان کے احکام کی پابندی کرے۔ اللہ تعالیٰ نے حلت وحرمت کا اختیار صرف اپنے پاس رکھا ہے اور اگر کوئی شخص خود اپنے آپ یہ فیصلہ کرنے لگ جائے، کہ فلاں شے حلال اور فلاں شے حرام ہے، یا وہ کسی اور شخص کے کہنے کے مطابق کچھ اشیاء کو حلال اور کچھ کو حرام جاننے لگ جائے، تو ایسا شخص مومن نہیں ہے، قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ط وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ○ (الاحزاب، ۳۶/۳۳)

ترجمہ: اور کسی مؤمن مرد اور کسی مؤمن عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کوئی امر مقرر کر دیں تو وہ اس کام میں بھی کچھ اختیار سمجھیں اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا، وہ صریح گمراہ ہو گیا۔

چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عدیؓ بن حاتم کے اس سوال کے جواب میں، کہ قرآن کریم کی سورۂ توبہ (آیت ۳۱) میں جو یہ کہا گیا ہے، کہ یہود ونصاریٰ نے اپنے علماء اور راہبوں کو خدا بنا رکھا ہے، حالانکہ وہ انہیں خدا نہیں سمجھتے، آپؐ نے فرمایا: کیا انہوں نے اپنے علماء اور راہبوں کو کسی شے کو حلال یا حرام ٹھہرانے کا حق نہیں دے رکھا؟.... انہوں

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Lawful [Halal] & the Un-Lawful [Haram] Things

Al-Halal (the lawful): That which is permitted, with respect to which no restriction exists, and the doing of which the Law-Giver, Allah, has allowed.

Al-Haram (the prohibited or unlawful): That which the Law-Giver, Allah has absolutely prohibited; anyone who engages in it is liable to incur the punishment of Allah in the Hereafter as well as a legal punishment in this world

Stated in Quran Surah Yunus verse 57: "O Mankind! There has come to you a good advice from your Lord (i.e. the Qur'an enjoining all that is good and forbidding all that is evil), and a healing for that (disease of ignorance, doubt, hypocrisy, differences) which is in your breasts,- a guidance and a mercy (explaining lawful and unlawful things) for the believers."

Allah's Messenger(ﷺ) mentioned about the worldly addicted men and said: "There are many men who have got disheveled hairs, dust laden dresses, are tired

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے کہا، یہ بات درست ہے، فرمایا، یہی انہیں ''خدا'' ٹھہراتا ہے.

قرآن کریم میں حلال اور حرام کے مسائل پانچ سو سے زیادہ آیات میں بیان ہوے ہیں، لہٰذا ان مسائل کی پوری تفصیل کے لیے کتب تفسیر اور کتب فقہ کی طرف رجوع کرنا چاہئے، اصولی طور پر یہ عقیدہ رکھنا کہ کسی شے کو حلال یا حرام قرار دینے کا اختیار صرف اللہ تعالیٰ کو ہے، جسے اُس نے اپنے نبی ﷺ کے ذریعے لوگوں کے سامنے واضح کر دیا ہے، ایمان کا بنیادی تقاضا ہے۔ اسی اصولی مسئلے کا ذکر ''يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا'' سے شروع ہونے والی کئی آیات میں بھی کیا گیا ہے، ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

O, you who believe.....

in journey, whose food is unlawful, whose dress in unlawful, and who have been maintained by unlawful food. If they raise their hands and say: 'O Lord ' O Lord how can their invocation be accepted?"

What is prohibited and what is permitted for the believers is evident from the following selection of verses beginning with "O you who believe:"

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا(۲۸)۔ اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○ (البقرہ،۲/۱۷۲)

ترجمہ: اے اہل ایمان! جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطا فرمائی ہیں ان کو کھاؤ اور اگر اللہ ہی کے بندے ہو تو (اس کی نعمتوں کا) شکر بھی ادا کرو

تشریح: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حلال اشیاء کے کھانے پر، اپنا شکر ادا کرنے کا حکم دیا ہے، یقیناً حلال روزی کا حصول اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ حلال اور حرام اشیاء کے مابین کچھ اشیاء مشتبہ ہیں؛ جن کے حکم کا ہمیں علم نہیں ہے، ایسی باتوں سے بھی اجتناب ضروری ہے،.....

حضرت نعمانؓ بن بشیر سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

حلال اور حرام اشیاء واضح ہیں، ان کے درمیان کچھ ایسی اشیاء ہیں جو مشتبہ ہیں، جن کے صحیح احکام بہت سے لوگ نہیں جانتے؛ پھر جو شخص ان مشتبہ اشیاء سے بچا رہا، اس نے اپنے دین اور اپنی عزت کو بچا لیا اور جو شخص ان مشتبہ اشیاء میں مشغول ہو گیا، اس کی مثال اس شخص کی سی ہے، جو اپنا ریوڑ حمیٰ (بادشاہ کی ذاتی چراگاہ) کے آس پاس چرا رہا ہو اور کسی بھی وقت اس کا کوئی جانور اس چراگاہ میں داخل ہو سکتا ہے آگاہ ہو جاؤ ہر بادشاہ کی ایک چراگاہ ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اس کی حرام کردہ اشیاء ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ، کہ انسانی جسم میں ایک ایسا ٹکڑا ہے کہ اگر وہ درست ہو جائے تو پورا جسم درست ہو جاتا ہے اور اگر وہ خراب ہو جائے تو پورا جسم خراب ہو جاتا ہے، یاد رکھو وہ دل ہے (البخاری)۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1(28). Eat of the lawful Things and be grateful to Allah:

Transliteration:

"Yaaa-`ayyuhallaziina `aa-manuu kuluu min-tayyibaati maa razaqnaakum washkuruu lillaahi `in-kuntum `iyyaahu ta`-buduun." (Al-Baqara:2:172)

Translation:

O, you who believe! (In the Oneness of Allah (Islamic monotheism) eat of the lawful thing, that we have provided you with and be grateful to Allah if it is Indeed He Whom you worship.

[Narrated An-Numan bin Bashir

"I heard Allah's Messenger(ﷺ). Saying, "Both legal and illegal things are evident but in between them there are doubtful {unclear} things and most of the people have no knowledge about them. So whoever saves himself from these unclear things, he saves his religion and his honour. And whoever indulges in these unclear things, is like a shepherd who grazes his [animals] near the Hima {private pasture) of some one else, and at any moment he is likely to get into it [i.e. trespass] [O people!] Beware! Every king has a Hima and the Hima of Allah on the earth is His illegal {forbidden} things. Beware! There is a piece of flesh in the body if it becomes good [reformed] the whole body becomes good, but if it gets spoilt, the whole body gets spoilt and that is the Heart. (Sahih Al-Bukhari)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲(۲۹)۔سود مطلقاً حرام ہے،سود کھانے والے اللہ اور اس کے رسول سے برسر جنگ ہیں

Fasting has been ordained as a religious duty for the Muslims for subduing their lust and keeping their appetites well within reasonable bounds so that man may not become their slave and lose control over him.

The exercise of abstaining from things otherwise lawful in the ordinary course of life, at the behest of Allah, strengthens man's morality and self-control and deepens in him the consciousness of the Lord. This is what distinguishes fasting in Islam from fasting in

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس لیے اس کا اجر بھی میں ہی دوں گا،...جبکہ عام اعمال کا بدلہ دس گنا دیا جاتا ہے۔ (البخاری)۔

اس بارے میں یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے شروع ہونے والی آیات درج ذیل ہیں۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

other religions.

It should also be borne in mind that fasting does not aim at inflicting punishment upon people or saddling upon them unbearable burdens. The underlying idea behind it is to teach moderation and spiritual discipline so that human temptations may not become so wild and uncontrollable as to flout the commands Allah.

That fasting is an institution for moral elevation can be judged from the fact that Allah does not impose check only upon eating, drinking and sexual intercourse from dawn to sunset, but also exhorts His servants to refrain from other foul acts, for ex- ample, backbiting, indulging in foul speech, telling lies, etc. Abu Huraira reported Allah's Messenger (May peace be upon him) as saying: If one does not abandon falsehood and other actions like it, God has no need that one should abandon one's food and drink(Sahih Bukhari).

The social aspect of fasting in Ramadan is that the whole atmosphere is permeated with religious piety and devotion to Allah. There is one extra congregational prayer, Tarawih, during the night, in which the Qur'an is recited and the Muslim is reminded of the fact that it was in the month of Ramadan that the revelation of the Qur'an commenced. The Sadaqat are also given with greater zeal and fervor in this month. Thus the whole Muslim society is inspired by the love of God. Abu Huraira reported Allah's Messenger (May peace be upon him) as saying: When Ramadan begins, the gates of Heaven are opened, the gates of Hell are locked, and the devils are chained (Bukhari and Muslim).

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا(۴۰)۔تم پر روزے فرض کر دیئے گئے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

(البقرہ،۲/۱۸۳_۱۸۴)

ترجمہ: مؤمنو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں، جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے، تاکہ تم پرہیز گار بنو، (روزوں کے دن) گنتی کے چند روز ہیں تو جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزوں کا شمار پورا کر لے اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھیں (لیکن رکھیں نہیں) وہ روزے کے بدلے محتاج کو کھانا کھلا دیں اور جو کوئی شوق سے نیکی کرے تو اس کے حق میں زیادہ اچھا ہے اور اگر سمجھو تو روزہ رکھنا ہی تمہارے حق میں بہتر ہے۔

تشریح: روزہ اسلام کے ارکان خمسہ میں سے ایک اہم ترین رکن ہے۔ روزے اللہ تعالیٰ نے ہر امت پر فرض کیے، اس طرح دیکھا جائے تو روزہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہماری امت کے لیے بہت بڑا اعزاز ہے،.... حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، کہ ایک دفعہ نبی اکرم ﷺ کے ایک صحابیؓ نے (نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے) بیان کیا:

روزہ (عذاب جہنم سے) ایک ڈھال ہے، تو جو شخص روزہ رکھے وہ اپنی بیوی کے ساتھ ہمبستری نہ کرے، اور کوئی فحش قسم کی گفتگو نہ کرے، اور اگر کوئی شخص اس سے جھگڑا کرے تو وہ دو

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1(40). Observe As- Siyam Fasting:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu kutiba `alay-kumus-Siyaamu kamaa kutiba `alal-laziina min-qablikum la-`alla-kum tatta -quun,-- `Ayyaamam - ma`-`duudaat; faman-kaana minkum-mariizan `aw `alaa safarin-fa-`iddatum-min `ayyaamin `ukhar. Wa `alal-laziina yutii-quunahuu fidya-tun ta-`aamu miskiin. Faman- tatawwa-`a khay-ran fahuwa khayrul-lah. Wa `an- tasuumuu khayrul-lah. Wa`an-tauumuu khayrul-lakum `in-kuntum ta`-lamuun." (Al-Baqara:2:183)

Translation:

O you who believe! Observing As-Saum (the fasting) is prescribed for you as it was prescribed for those before you, that you may become Al-Mutaqeen (the pious)

[Observing Soum] (fast)] for a fixed number of days, but if any of you is ill or on a journey, the same number (should be made up) from other days And as for those who can fast with difficulty, (e.g. an old man), they have (a choice either to fast or) to feed a Miskin (poor person) (for every day). But whoever does good of his own accord, it is better for him. And that you fast is better for you if only you know.

{The provision of this verse has been abrogated by the next Verse:185, with few exceptions, i.e., very old person, or pregnancy, etc.}

[Narrated Talhah bin ubaidullah(رضی اللہ عنہ) A Bedouin with unkempt hair came to Allah's Messenger(ﷺ) and said, "O

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرتبہ کہہ دے، کہ اس کا روزہ ہے۔ (البخاری)

حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ روایت کرتے ہیں، کہ ایک دن پراگندہ بالوں والا ایک بدو نبی اکرم ﷺ کی خدمت آیا اور کہا: یا رسول اللہؐ! مجھے بتایئے، کہ نماز کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کیا فرض کیا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں دن اور رات (۲۴ گھنٹوں) میں پانچ نمازیں ادا کرنا ہیں، سوائے اس کے کہ تم بطور نفل کوئی اور نماز ادا کرنا چاہو۔

اس (بدو) نے پوچھا: یا رسول اللہ، مجھے بتایئے، کہ اللہ تعالیٰ نے صوم (روزے) کے سلسلے میں مجھ پر کیا فرض کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہیں (بطور فرض) پورے رمضان المبارک کے روزے رکھنا ہیں، سوائے اس کے کہ تم بطور نفل کوئی اور روزے رکھنا چاہو۔

اس نے پوچھا: یا رسول اللہؐ مجھے بتایئے، اللہ نے مجھ پر کتنی زکوٰۃ فرض کی ہے؟ راوی کہتے ہیں، کہ اس پر آنحضور ﷺ نے زکوٰۃ کی ادائیگی کے سلسلے میں قانون (بنیادی قواعد) بیان کیے، اس پر اس (بدو) نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو عزت و شرف عطا کیا ہے، میں اس میں نہ تو اضافہ کروں گا، اور نہ ہی کمی کروں گا۔

نبی اکرم ﷺ نے (اس کے جانے کے بعد) فرمایا: اگر اس نے جو کہا ہے، وہ سچ ہو، تو یہ شخص ضرور کامیاب ہوگا (یا فرمایا ضرور جنت میں داخل ہوگا)۔ (صحیح البخاری، جلد ۳، حدیث ۱۱۵)

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Allah's Messenger! Inform me what Allah has made compulsory for me as regards the Salat (prayers).' He replied: 'You have to offer perfectly the five compulsory Salat (prayers) in a day and night (24 hours), unless you want to pray Nawafil." The Bedouin further asked, inform me what Allah has made compulsory for me as regards Soum (fasting).' He continued replied, 'You have to fast during the whole month of Ramadán, unless you want to fast more as Nawafil." The Bedouin further asked, 'Tell me how much Zakát Allah has enjoined on me.' The narrator added: Then, Allah's Messenger(ﷺ) informed him all about the Laws (i.e. fundamentals) of Islam. The Bedouin then said, 'By Him Who has honoured you, I will neither perform any Nawafil nor will I decrease what Allah has enjoined on me.' Allah's Messenger(ﷺ) said, 'If he is saying the truth, he will succeed (or he will be granted Paradise)]. (Sahih Al-Bukhari).

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۳) حج بیت اللہ

حج کے لغوی معنی زیارت کی غرض سے کسی جگہ جانے کے ہیں، اصطلاحِ شریعت میں اس سے مراد اللہ کے گھر (بیت اللہ) کی زیارت اور ادائے مناسک کے لیے سفر کرنا ہے۔

قرآن حکیم کی رُو سے حج کوئی جدید عمل نہیں ہے، بلکہ یہ بیت اللہ ہی کی طرح قدیم ہے، حج اصل میں حضرت ابراہیمؑ اور ان کے خاندان کے لوگوں کے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں محو ہو کر مختلف اعمال کا مجموعہ ہے۔

حج کا مقصد دنیا بھر کے مسلمانوں میں اجتماعیت پیدا کرنا، مسلمانوں میں اللہ تعالیٰ سے محبت و عشق کے جذبات پیدا کرنا اور اللہ کے گھر میں ایک مسافر بن کر،.....حاضری دینا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے استطاعت (یعنی حرم اقدس تک آنے اور جانے اور وہاں قیام کرنے کے اخراجات اور اس کی غیر موجودگی میں گھر والوں کے اخراجات کی گنجائش ہونے) کی صورت میں، زندگی میں ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ کے مقدس گھر کا حج بھی ہر مسلمان فرض کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اور صحابہ کرامؓ نے اس فرض کی ادائیگی کے طور پر اللہ کے گھر کا حج کیا، قرآن مجید میں ہے:

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ
وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ○ (آل عمران ۳/۹۷)

ترجمہ: اور اللہ کے لیے لوگوں پر، اس کے گھر کا حج کرنا (فرض) ہے، جو کوئی اس کی طرف جانے کی طاقت رکھتا ہو اور جو کوئی اس (حج سے) انکار کرے گا، تو اللہ بے شک

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

PILGRIMAGE-HAJJ

INTRODUCTION

The word Hajj means, literally preparing to go to a place for the sake of visit (al-qasd li-ziyarah), and in the terminology of the Islamic Shari'ah, it implies to visit Bait-Allah (the house of Allah) to observe the necessary devotion (iqamat-an-li-nusuk) Bait-Allah is one of the names by which The Ka'ba is called.

Hajj is not a new institution, which Islam has introduced in its Shari'ah. This institution is as old as the Kaa'ba itself.

The whole ceremony of Hajj is commemorative of Hadrat Ibrahim and his family's acts of devotion to God Almighty. This shows that the Holy Prophet (May peace be upon him) did not innovate this institution but purged it of all evil practices and made it an obligatory act of piety by which one can develop God-consciousness.

It is rightly said that it is the perfection of faith since it combines in itself all the distinctive qualities of other obligatory acts. It represents the quality of salat since a pilgrim offers prayers in the Ka'ba, the House of the Lord. It encourages the spending of material wealth for the sake of the Lord, the chief characteristic of Zakat. When a pilgrim sets out for Hajj, he dissociates himself from his earth and home, from his dear and near ones to please the Lord. He suffers privation and undertakes the hardship of journey-the lessons we learn from fasting and i'tikaf. In Hajj one is trained to be completely forgetful of the material

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جہانوں سے بے نیاز ہے۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:

''اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے حج اور عمرہ پورا کرو'' (البقرہ، ۱۹۶/۲)

حج، اسلام کا چوتھا رکن ہے، لیکن یہ استطاعت کے ساتھ مشروط ہے، حج ہی کی طرح ''عمرہ'' بھی نبی اکرم ﷺ کی سنت مؤکدہ ہے۔ حج اور عمرہ کی ادائیگی کے لیے احرام (ایک خاص لباس) پہنا جاتا ہے، یہ لباس مردوں کے لیے دو اَن سلی چادریں ہیں، اور عورت جو لباس بھی چاہے بطور احرام پہن لے۔ حالت احرام میں شکار ممنوع ہے، اس کے کچھ احکام،.....دیئے جا رہے ہیں:

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

comforts and show of worldly thing. One has to sleep on stony ground, circumambulate the Kaa'ba, run between Safa and Marwa and spend his night and day wearing, only two pieces of unsown cloth. He is required to avoid the use of oil or scent or any other perfume. He is not even allowed to get his haircut or trim his beard. In short, he is commanded to abandon everything for the sake of Allah and submit himself before his Lord, the ultimate aim of the life of a Muslim. In fact, physical pilgrimage is a prelude to spiritual pilgrimage to God, when man would bid goodbye to everything of the world and present himself before Him as His humble servant saying:" Here I am before Thee, my Lord, as a slave of Thine."

☆.....☆

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا(۴۱)۔دوران احرام شکار نہ کرو:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (المائدة . ۹۴/۵).

ترجمہ: اے مومنو! کسی قدر شکار سے، جن کو تم ہاتھوں اور نیزوں سے پکڑ سکو گے، اللہ تمہاری آزمائش کرے گا، (یعنی حالت احرام میں شکار کی ممانعت سے) تاکہ یہ معلوم کرے، کہ اس سے غائبانہ کون ڈرتا ہے، تو جو اس کے بعد زیادتی کرے، اس کے لیے دکھ دینے والا عذاب (تیار) ہے۔

تشریح: قدیم زمانے میں شکار.....ذاتی شوق کے علاوہ ایک ''تجارتی عمل'' بھی تھا۔ اللہ تعالیٰ نے دوران احرام شکار کرنے کی ممانعت فرمائی، خواہ یہ شکار جان بوجھ کر اور براہ راست عمل کے ذریعے کیا جائے یا کسی بالواسطہ عمل کے ساتھ، شکار کی دونوں صورتیں ناجائز اور ممنوع ہیں، .....تاہم کچھ جانداروں کو اس حکم سے مستثنیٰ کیا گیا ہے، حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے نبی اکرم ﷺ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ دوران احرام درج ذیل سات اشیاء کو ہلاک کرنا جائز ہے: (۱) چیل (۲) کوا (۳) چوہا (۴) بچھو (۵) کاٹنے والا کتا

(حضرت عائشہؓ نے سانپ کو بھی اس فہرست میں شامل کیا ہے)۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1(41). Allah May test who fear him unseen:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu - hallaziina `aa-manuu la-yablu-wanna-kumul-laahu bi-shay-`im-minas-saydi tanaa-luhuuu `ay-diikum wa rimaa-hukum li-ya`-lamallaahu many-yakhaa-fuhuu bil-gayb: famani`-tadaa ba`-da zaalika falahuu `azaabun `aliim." (Al-Mai,da:5:94)

Translation:

O you who believe Allah will certainly make a trail with something in (The matter of) of the game that is well within the reach of your hands and your lances. That Allah may test him who fears him unseen. Then who ever transgress thereafter for him there is a painful torment.

{Hunting was one of the important means of trade at that time. Allah has tested the believers and put them to trial by making game unlawful in the state of Ihram.}

[Narrated, Abdullah bin Umar(رضی اللہ عنہ): Allah's Messenger (ﷺ) said, It is not sinful on a Muhrim to kill five kinds of animal A Kite, A Crow, A Rat, A Scorpion and the voracious dog. In another similar narration related to Ayesha----, is added what about the snake? She said: Let it be killed with disgrace.]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲(۴۲)۔شکار کا کفارہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ط وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ط عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ط وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ

(المائدۃ،۵/۹۵)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم احرام کی حالت میں ہو تو شکار نہ مارنا اور جو تم میں سے جان بوجھ کر اُسے مارے تو یا تو اس کا بدلہ دے (اور وہ یہ ہے کہ) اس طرح کا چوپایہ، یا جسے تم میں سے دو معتبر اشخاص مقرر کر دیں، قربانی کرے اور یہ قربانی کعبے پہنچائی جائے یا کفارہ دے اور (وہ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے) یا اس کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے کام کی سزا کا مزا چکھے اور جو پہلے ہو چکا وہ اللہ نے معاف کر دیا اور پھر ایسا کام کرے گا، تو اللہ اُس سے انتقام لے گا اور اللہ غالب اور انتقام لینے ہے۔

تشریح: دوران احرام شکار کرنا ممنوع ہے، لیکن اگر دانستہ طور پر یا حادثاتی طور پر، محرم سے شکار مر جائے، تو اس پر فدیہ ضروری ہے، یہ فدیہ یا تو قربانی (دم) ہے، اگر اس کی استطاعت نہ ہو یا (جانور چھوٹا ہو تو) مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے، اگر اس کی استطاعت نہ ہو، تو اس کی مقدار میں روزے رکھنا ہے (تفسیر ابن کثیر)۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2(42).Deliberate/Accidental killing while in a state of Ihram:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu laa taq-tulus-sayda wa `antum hurum. Wa man-qatalahuu minkum - muta-`am- midan-fajazaaa-`ummislu maa qatala minan-na-`ami yah kumu bihii zawaa `adlim-min-kum hadyam - baaligal - ka`-bati `aw kaffa-ratun-ta `aamu ma-saa-kiina `aw `adlu zaalika siyaa-mali-yazuuqa wabaala `amrih. `Afallaahu `ammaa salaf: wa man `aada fa-yan-taqi-mul-laahu minh. Wal - laahu `Aziizun - Zunti-qaam." (Al-Maeda:5:95)

Translation:

O you who believe, kill not the game while you are in a state of Ihram [for hajj, pilgrimage or Umarah), and whosever of you kill it intentionally the penalty is an offering brought to kaa'bah of an eatable animal (i.e. sheep, goat, cow) equivalent to one he killed as adjudged by two just men among you as for expiation, he should feed masakeen(poor person), or its equivalent in Soum (fasting), that he may taste the heaviness (punishment) for his deed. Allah has forgiven what are pasts but whosoever commits it again, Allah will take retribution from him and Allah is All-mighty, All-Able of retribution.

[This verse is related to both deliberate and accidental killing of animals slaying of which is not permissible in the state of being in Ihraam. In case it so happens then the offender has to offer as fidya [atonement] for distribution amongst poor, alternately the same or the equivalent animal or if not available equal cash or grains for distribution to the masakin [needy] living around Haram e Mecca.[This fidya differs from animal to animal i.e. different for a goat, cow, camel deer etc.]

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۴) زکوٰۃ وانفاق فی سبیل اللہ

اسلام کا پانچواں رکن ''زکوٰۃ'' ہے۔ ''زکوٰۃ'' کے لغوی معنی طہارت ونظافت کے ہیں، مگر اصطلاح شریعت میں اس سے مراد وہ ''مالی صدقہ'' (انفاق فی سبیل اللہ) ہے، جو اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا کے حصول کے لیے صرف کیا جائے، قرآن کریم میں لفظ زکوٰۃ کے ساتھ اس کی ادائیگی کا حکم تقریباً ۳۲ مقامات پر آیا ہے (دیکھیے معجم المفہرس لالفاظ القرآن الکریم بذیل مادہ زکوٰۃ)، جبکہ لفظ ''انفاق'' (اللہ کی راہ میں خرچ کرنے) کے ساتھ یہ حکم ۷۲ مرتبہ دہرایا گیا ہے۔

زکوٰۃ اڑھائی فیصد (2.5%) کے حساب سے، مقررہ مقدار میں سونے یا چاندی، (سونا ساڑھے سات تولہ اور چاندی ساڑھے باون تولہ) یا ان کی قیمت کے مطابق نقدی پر سال گذرنے کے بعد فرض ہوتی ہے، اسی طرح مویشیوں اور فصلوں کی مقررہ مقدار پر بھی زکوٰۃ فرض ہے۔

جبکہ ''انفاق فی سبیل اللہ'' (اللہ کی راہ میں خرچ کرنا) ایک وسیع المعانی اصطلاح ہے۔ اس میں زکوٰۃ بھی شامل ہے اور دوسرے واجب اور نفلی صدقات بھی۔۔۔۔ قرآن کریم

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Zakat

Introduction

Of the five fundamentals of Islam, Zakat occupies the second position, the first being prayer (salat). This word is derived from Zakd, which means it (a plant) grew. The second derivative of this word carries the sense of purification, e. g. Qad aflaha man zakkaha (he is indeed successful who purified himself). The other word used for zakat both in the Qur'an and the Hadith is sadaqa which, is derived from sidq (the truth). Both these words are highly meaningful

The spending of wealth for the sake of Allah purifies the heart of man of the love of material wealth. The man who spends it offers that as a humble gift before the Lord and thus affirms the truth that nothing is dearer to him in life than the love of Allah and that he is fully prepared to sacrifice everything for His sake. Secondly, zakat is the most effective measure to improve the economic condition of the have-nots. It is not, however, a mere tax, but a form of worship whereby a man comes close to his Lord. The Muslims have, therefore, been enjoined to pay zakat with the same sense of earnestness and devotion in which the seeker of the Lord observes the prayer. The primary motive of zakat is religious and spiritual, while the social and economic aspects are subservient to it. Its social significance is that it awakens in man the sense of brotherhood with less fortunate members of society, and stirs his moral conscience to make sacrifice for their sake. From the economic point of view it discourages hoarding and concentration of wealth and

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں انفاق فی سبیل اللہ پر بے حد زور دیا گیا ہے اور اُسے نیک کاموں کی اساس ٹھہرایا گیا ہے۔

اس سلسلے میں ''یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا'' سے شروع ہونے والی آیات کا مطالعہ،.... درج ذیل ہے:

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

helps its steady and constant flow from the rich to the poor enabling them to stand on their own legs.

It should also be remembered that zakat or sadaqa in Islam is not a voluntary act of charity which a rich man gives to the poor out of his own sweet will, but it is an obligatory act which every Muslim is enjoined upon to perform if he is sincere in his belief in God and the Hereafter. Thus there is no burden of obligation on one who receives zakat, but a sense of thankfulness and gratitude on the part of the giver, since he has been enabled by the recipient to discharge his obligation that he owes to God and society.

So much is the importance of zakat in Islam that it has been mentioned at eighty-two places in the Qur'an in close connection with prayer. Zakat is paid on the surplus of wealth that is left over after the passage of a year. It is thus a payment on the accumulated wealth. Leaving aside animals and agricultural yield. Zakat is paid at almost a uniform rate of 2-1/2 %. The minimum standard of surplus wealth over which zakat is charged is known as Nisab. It differs with different kinds of property,

As regards the persons to whom zakat is to be paid, they have been clearly described in the Holy Qur'an: Alms are only for the poor, the needy, for the ransoming of captives, for those in debt. [Surah Tauba:60]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا(۴۳)۔قیامت سے پہلے،اللہ کی راہ میں خرچ کرلو!

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

(البقرۃ،۲/۲۵۴)

ترجمہ: اے ایمان والو! جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اُس میں سے اس دن کے آنے سے پہلے پہلے خرچ کرلو جس میں نہ (اعمال کا) سودا ہوگا، اور نہ دوستی اور نہ سفارش ہو سکے گی، اور کفر کرنے والے لوگ ظالم ہیں.

تشریح: صدقہ اللہ کے نزدیک ایک بے حد پسندیدہ عمل ہے، حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر روز صبح کے وقت اللہ تعالیٰ کے دو فرشتے زمین پر آتے ہیں، ان میں سے ایک کہتا ہے ''اے اللہ سخی کو اس کا بہتر نعم البدل عطا فرما اور دوسرا کہتا ہے، اے اللہ بخیل (کے مال کو یا خود اس کو) ہلاک فرما (بخاری، مسلم)۔

ایک اور حدیث میں ہے، حضرت انسؓ کہتے ہیں، کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: صدقہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی دور کرتا ہے اور سختیوں کو آسان کرتا ہے (الترمذی)۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1(43). Spend, in the way of Allah:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu `anfiquu mimmaa razaqnakum-min-qabli `any-ya`-tiya Yawmul-laa bay-`un-fiihi wa laa khullatunw-wa laa shafaa-`ah. Wal - kaafiruuna humuz-zaalimuun." (Al-Baqara:2:254)

Translation:

O you who believe! Spend of that with which we have provided for you, before a Day comes when there will be no bargaining nor friendship, nor intercession and it is the disbelievers who are the Zalimun (wrong-doers).

[It was narrated from Abu Hurairah(رضی اللہ عنہ) that the Prophet(ﷺ). said, " There is no day on which the people get up but two angels come down and one of them says, O Allah, give in compensation to the one who spends[charity] and the other says Allah destroy the one who with holds (miser). [Sahih Bukhari/Sahih Muslim]

It is narrated by Anas Ibn Malik that Rasul Allah(ﷺ), Said verily charity (Sadaqa) appeases the wrath of Allah and eases the sufferings of Death.] [Tirmidhi]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲(۴۴)۔ مال خرچ کر کے دوسرے پر احسان نہ جتلاؤ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِىْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (البقرہ ۲/۲۶۴۔۲۶۵)

ترجمہ: مؤمنو! اپنے صدقات (خیرات) احسان رکھنے اور ایذاء دینے سے اس شخص کی طرح برباد نہ کر دینا جو لوگوں کو دکھاوے کے لیے مال خرچ کرتا ہے اور اللہ اور روز آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔ اس (کے مال) کی مثال اس چٹان کی سی ہے جس پر تھوڑی سی مٹی پڑی ہو اور اس پر زور کا مینہ برس کر اُسے صاف کر ڈالے (اسی طرح) یہ (ریاکار) لوگ اپنے اعمال کا کچھ بھی صلہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔ اور اللہ ایسے ناشکروں کو ہدایت نہیں دیا کرتا اور جو لوگ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اور خلوص نیت سے اپنا مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال ایک باغ کی سی ہے جو اونچی جگہ پر واقع ہو (جب) اس پر، مینہ پڑے تو دگنا پھل لائے اور اگر مینہ نہ بھی پڑے، تو خیر پھوار ہی سہی، اور اللہ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

تشریح: ان آیات میں اس بات پر زور دیا گیا ہے، کہ بندہ راہ خدا میں جو مال صرف کرتا ہے وہ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2(44). Do not render in vain your Sadaqat:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu laa tub-tiluu aadaqaati-kum-bil-manniwal-`azaa kallazii yunfiqu maalahuu ri-`aaa-`an-naasi wa laa yu` - minu billaahi wal - Yawmil-`Aakhir. Famasa-luhuu kamasali saf-waanin`alayhi turaabun-fa-`asaabahuu waabilun-fatarakahuu saldaa. Laa yaqdiruuna `alaa shay-`im-mimmaa kasabuu. Wallaahu laa yahdil-qawmal-kaafiriin.* Wa masalul-laziina yunfiquuna `am-waalahu - mub - tigaaa - `a marzaatillaahi wa tasbiitam-min `anfusihim kamasali jannatim - bi - rabwatin `asaabahaa waabilun-fa-`aatat `ukulahaa zi`-fayn. Fa-`il-lam yusib-haa waabilun-fatall. Wal-jaahu bimma ta`-maluuna Basiir." (Al-Baqara:2:264-265)

Translation:

O you who believe! Do not render in vain your Sadaqat (charity) by reminders of your generosity or by injury, like him who spends his wealth to be seen of men, and he does not believe in Allah, nor in the Last Day. His likeness is the likeness of a smooth rock on which is a little dust; on it falls heavy rain which leaves it bare. They are not able to do anything with what they have earned. And Allah does not guide the disbelieving people. And the likeness of those who spend their wealth seeking Allah's Pleasure while they in their own selves are sure and certain that Allah will reward them (for their spending in His Cause), is the likeness of a garden on a height; heavy rain falls on it

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مکمل طور پر رضائے الٰہی کے لیے ہونا چاہئے،.....بہت سی احادیث میں بھی اس عنوان پر روشنی ڈالی گئی ہے، مثال کے طور پر صحیح مسلم میں، کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تین افراد پر نگاہ رحمت نہیں ڈالے گا اور نہ ان کے گناہ معاف کرے گا، ان میں سے ایک وہ شخص ہے، جس نے محض دوسروں کو دکھانے اور سنانے کے لیے صدقہ کیا ہو، دوسرا وہ شخص جو ازراہ تکبر اپنا تہ بند ٹخنوں سے نیچے لٹکاتا ہے، اور تیسرا وہ فرد جو دھوکے اور چالاکی سے اپنا مال فروخت کرے (مسلم)۔

چنانچہ زیر نظر آیت مبارکہ میں بھی اہل خیر کو اس بات کی تاکید کی گئی ہے، کہ وہ اپنے صدقہ وخیرات، دوسروں پر احسان جتا کر اور دوسروں کو ذہنی یا جسمانی اذیت پہنچا کر ضائع نہ کریں۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

and it doubles its yield of harvest. And if it does not receive heavy rain, light rain suffices it. And Allah is Al-seer (knows well) of what you do.

{Stress is being laid here' that charity should be in the way of Allah alone and to seek His pleasures only and it should not be shown off or reminded nor should it be done as if it was to seek fame or favour as evident from the translation of this verse.}

[Narrated in Sahih Muslim that there will three type of people whom Allah will not look upon and not forgive on the day of Resurrection. One who does charity to be seen and to get noticed.

One who drags his clothes beneath the ankle in pride and,

One who swears and sells by way of cheating [giving less in weight or selling old as new etc.]] (Sahih Bukhari, Muslim)

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳(۴۵)۔ اللہ کی راہ میں عمدہ اشیاء خیرات کیا کرو اور کھیتوں کی پیداوار پر بھی زکوٰۃ ضروری ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم بِآخِذِيهِ إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ (البقرہ ۲/۲۶۷)

ترجمہ: مؤمنو! جو پاکیزہ اور عمدہ مال تم کماتے ہو اور جو چیزیں ہم تمہارے لیے زمین سے نکالتے ہیں ان میں سے (اللہ کی راہ) میں خرچ کرو اور بری اور ناپاک چیزیں دینے کا قصد نہ کرنا کہ (اگر وہ چیزیں تمہیں دی جائیں تو) بجز اس کے کہ (لیتے وقت) آنکھیں بند کر لو، ان کو کبھی نہ لو اور جان رکھو کہ اللہ بے پروا (اور) قابل ستائش ہے۔

تشریح: اس آیت میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کی امداد و اعانت اور ان کی تعریف و توصیف سے بے نیاز ہے، اُسے کسی کی مدد کی ضرورت نہیں، البتہ اس کی مدد کی سب کو ضرورت ہے، لہٰذا جو لوگ اس کی راہ میں مال خرچ کرنا چاہتے ہیں، انہیں اس حقیقت کو پیش نظر رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں وہ جو مال دے رہے ہیں، وہ عمدہ نوعیت کا ہو، گھٹیا مال نہ ہو، کہ اگر کوئی شخص وہی مال انہیں پیش کرتا تو وہ ہرگز اُسے وصول نہ کرتے،... اور یہ کہ راہ خدا میں جو مال صرف کیا جائے، اعلیٰ اور پاکیزہ نیت کے ساتھ کیا جائے اور بہتر یہ ہے کہ چھپا کر کیا جائے، چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سات افراد کو اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائے گا، جب اس کے عرش کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا، یہ افراد درج ذیل ہیں:

عادل حکمران؛

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3(45). Allah is free from all needs:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu `anfiquu min-tayibaa-ti maa kasabtum wa mimmaaa `akhrajnaa lakum-minal-`arz. Wa laa ta-yamaa-mul-khabiisa minhu tunfiquuna wa lastum-bi-`aakhiziihi `illaaa `an tug-mizuu fiih. Wa`-la- muuu `annallaaha Ganiy-yun Hamiid." (Al-Baqara:2:267)

Translation:

O you who believe, Spend of the good things which you have (legally) earned and of that which we have produced from the earth for you, and do not aim at that which is bad to spend from it (though) you would not accept it have if you close your eyes and tolerate therein and know that Allah is Rich (Free of all needs) and Worthy of all praise.

{Allah is free from all wants He is The Provider and the best Provider is He, free from all needs. Things, which, we give in charity, should not be those, which we would not have liked for ourselves. The act of generosity should be done in a secret manner as Allah knows the intention and nothing is hidden from him as stated in Qur'an Allah is All Sufficient for his creatures needs, All-Knower.[Quran:2:2:268]

[Narrated Abu Hurrairah (رضی اللہ عنہ) the Prophet(ﷺ). Said seven people will be shaded by Allah under his shade on the day [i.e. the day of Resurrection] when there will be no shade but His, they are:

A just ruler

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۔ وہ نوجوان جو اللہ کی عبادت پر پل کر جوان ہوا؛

۳۔ وہ شخص جس کا دل مسجد کے ساتھ اٹکا ہوا ہو، (کہ نماز کے بعد مسجد میں بیٹھا رہے اور گھر میں جا کر واپسی کے متعلق سوچتا رہے)

۴۔ وہ دو اشخاص جو اللہ تعالیٰ کی محبت و رضا مندی کے لیے آپس میں ملیں اور اسی پر جدا ہوں۔

۵۔ وہ نوجوان جسے کسی صاحب حسن و جمال عورت نے گناہ کی دعوت دی، مگر اُس نے کہا کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔

۶۔ وہ شخص جو اس طرح صدقہ کرے کہ اس کے دائیں ہاتھ کے عمل کی اس کے بائیں ہاتھ کو خبر نہ ہو۔

۷۔ وہ شخص جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا اور اس کی آنکھیں ڈبڈبا آئیں (البخاری)

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

O, you who believe.....

A young man who has been brought up in the worship of Allah alone, [sincerely from his childhood]

A man whose heart is attached to the mosque [who offers the five compulsory congregational prayers in the mosque]

Two persons who love each other only for Allah's sake, and they meet and part in Allah's cause only.

A man who refuses the call of charming women of noble birth, for illegal sexual inter course with her and says: I fear Allah;

A person who practices charity so secretly that his left hand does not know what his right hand has given [i.e. no body knows how much he has given in charity, and,

A person who remembers Allah in seclusion and his eyes become flooded with tears.] [Sahih Al-Bukhari]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴(۴۶)۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، وہ مجرم ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ (التوبہ،۹/۳۴)

ترجمہ: مؤمنو! (اہل کتاب کے) بہت سے عالم اور مشائخ لوگوں کا مال ناحق کھاتے اور (ان کو) راہِ اللہ سے روکتے ہیں اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اس کو اللہ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے ان کو اس دن کے عذاب الیم کی خبر سنا دو.

اور جس دن وہ (مال) دوزخ کی آگ میں (خوب) گرم کیا جائے گا۔ پھر اس سے ان (بخیلوں) کی پیشانی اور پہلو اور پیٹھیں داغی جائیں گی (اور کہا جائے گا کہ) یہ وہی ہے جو تم نے اپنے لئے جمع کیا تھا سو جو تم جمع کرتے تھے (اب) اس کا مزہ چکھو.

تشریح: اس آیت مبارکہ میں جس کنز اور جس خزانے پر عذاب جہنم دیئے جانے کا ذکر ہے، اس سے ایسا مال اور ایسی دولت مراد ہے، جس پر زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو.

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے، کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، جس شخص نے اپنے مال پر زکوٰۃ ادا نہ کی، تو قیامت کے دن اس پر ایک خوفناک اژدھا مسلط کر دیا جائے گا، جس کے دو پھن ہوں گے وہ اس کی گردن پر سوار ہو کر اس کو ڈسے گا اور کہے گا، میں تیرا مال ہوں، میں ہی تیرا خزانہ ہوں، پھر نبی اکرم ﷺ نے اس آیت مبارکہ کو تلاوت کیا، جس میں ارشاد ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

4(46). Money on which Zakat is not paid:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu `inna kasiiram-minal-`ahbaari war-ruh-baani la-ya`-kuluuna `amwaa-lan-nasi bil-baatili wa yasuduuna `an- Sabii-lillah. Walla-ziina yak-nizuu-naz-zahaba wal - fizzata wa laa yunfiquu - nahaa fii Sa - biilil - laahi fabash-shirhum-bi-azaabin `aliim.* Yawma yuhmaa`alay-haa fii Naari Jahannama fatukwaa bihaa jibaahu-hum wa junuu-buhum wa zuhuuruhum. Haa-zaa maa kanaztum li-`anfisi-kum fa-zuuquu maa kuntum taknizuun." (Al-Tauba:9:34-35)

Translation:

O you who believe! Verily, there are many of the (Jewish) Rabbis and the (Christian) monks who devour the wealth of mankind in falsehood, and hinder (them) from the way of Allah (i.e. Allah's religion of Islamic Monotheism). And those who hoard up gold and silver [AI-Kanz: the money, the Zakat of which has not been paid] and spend them not in the Way of Allah, announce unto them a painful torment. On the Day when that (Al-Kanz: money, gold and silver the Zakát of which has not been paid) will be heated in the Fire of Hell and with it will be branded their foreheads, their flanks, and their backs, (and it will be said unto them): "This is the treasure which you hoarded for yourselves. Now taste of what you used to hoard."

[Narrated Abu-Hurrairah (رضی اللہ عنہ) Allah's Messenger

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور وہ لوگ جو اس مال پر بخل کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے فضل سے دیا ہے، یہ نہ سمجھیں کہ یہ (بخل کرنا) ان کے لیے بہتر ہے، بلکہ وہ بہت برا ہے (آل عمران، ۱۸۰/۳) (البخاری، کتاب الزکوٰۃ).

اس سے واضح ہوتا ہے، کہ اس آیت میں ''ولا ینفقونها'' سے مراد،...زکوٰۃ کے طور پر، یا پھر اس سے اجتماعی ضرورت کے وقت خرچ نہ کرنا ہے۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ﷺ), said: Anyone whom Allah has given wealth but he does not pay his Zakat; then, on the day of resurrection, his wealth will be presented to him in the shape of a bald headed male snake with two poisonous glands in its mouth and it will encircle itself round his neck and bite him over his cheeks and say, I am your wealth: I am your treasure. Then the Prophet (ﷺ). recited this divine verse,

"And let not those who covetously withhold of that which Allah has bestowed upon them of his bounty.] "[Quran 4:3:180]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵(۴۷)۔ مال خرچ کرنے کے بارے میں شیطان کی بات نہ مانو

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ط وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ط وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا لا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ص وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ط اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (النور،۲۴/۲۱۔۲۲)

ترجمہ: مومنو! شیطان کے قدموں پر نہ چلنا اور جو شخص شیطان کے قدموں پر چلے گا تو شیطان تو بے حیائی (کی باتیں) اور برے کام ہی بتائے گا اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو ایک شخص بھی تم میں پاک نہ ہوسکتا، مگر اللہ جس کو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ اور جو لوگ تم میں صاحب فضل اور صاحب وسعت ہیں وہ اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں اور محتاجوں اور وطن چھوڑ جانے والوں کو کچھ خرچ پات نہیں دیں گے، ان کو چاہیے کہ معاف کر دیں اور درگذر کریں، کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تم کو بخش دے، کچھ شک نہیں اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

تشریح: روایات کی رو سے یہ آیات اس وقت نازل ہوئیں جب منافقوں نے ام المومنین حضرت عائشہؓ کی پاک اور معصوم شخصیت پر تہمت لگائی۔ اس موقع پر ان کے پروپیگنڈے سے کچھ سچے مسلمان بھی متاثر ہو گئے تھے جن میں حضرت ابوبکرؓ کے قریبی عزیز حضرت مسطحؓ بھی شامل

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5(47). Follow not the footsteps of shaitan :

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu laa tattabi-`uu khutu-waatish- Shaytaan: wa many-yattabi`khutuwaatish-shaytaani fa-`innahuu ya`-muru bil-fah-shaaa `I wal-munkar: wa law laa fazlullaahi `alaykum wa rahmatuhuu maa zakaa min- kum-min `ahadin `abadanw-wa laakinnallaaha yuzakkii many-yashaaa`: wallaahu Samii-`un `Aliim.* Wa laa ya`-tali `ulul-fazli minkum wassa -`ati `any-yu`- tuuu `ulil qurbaa wal-masaa-kiina wal-Muhaajiriina fii sa-biilillah ; wal-ya`fuu wal-yas-fahuu. `Alaa tuhibbuuna `any-yagfirallaahu lakum? Wallaa-hu Gafuurur- Rahiim." (Al-Noor: 24:21-22)

Translation:

O you who believe! Follow not the footsteps of Shaitan (Satan). and whosoever follows the footsteps of Shaitan (Satan), then, verily he commands Al-Fahsha' i.e. commit to indecency (illegal sexual intercourse)], and Al-Munkar [disbelieve, and polytheism (i.e. to do evil and wicked deeds; and to speak or to do what is forbidden in Islam)]. And had it not been for the Grace of Allah and His Mercy on you, not one of you would ever have been pure from sins. But Allah purifies (guides to Islam) whom He wills, and Allah is All-Hearer, All-Knower. And let not those among you who are blessed with graces and wealth swear not to give (any sort of help) to their kinsmen, Al-Masakin (the poor), and those who left their homes for Allah's

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھے، بعد میں جب اللہ تعالیٰ نے حضرت عائشہؓ کی پاک دامنی قرآن میں واضح کر دی تو حضرت ابوبکرؓ نے یہ قسم کھالی کہ وہ حضرت مسطحؓ کی مدد نہ کریں گے، اس پر یہ آیات نازل ہوئیں جن میں اللہ تعالیٰ نے عمومی انداز مسلمانوں کو نیک کام کرنے یا لوگوں کی مدد جاری رکھنے کی ہدایت فرمائی ہے۔

ایک حدیث میں حضرت سھلؓ بن سعد سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اگر دو باتوں کی مجھے ضمانت دو تو جنت کی ضمانت میں تمہیں دیتا ہوں، اس شے کی حفاظت کی جو دو جبڑوں کے درمیان میں ہے، یعنی زبان کی اور اس کی حفاظت کی جو دو ٹانگوں کے درمیان ہے، یعنی شرمگاہ کی (البخاری)۔

مطلب یہ ہے کہ ان کا غلط استعمال نہ کیا جائے تو بندہ یقیناً جنت میں جائے گا۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

cause. Let them pardon and forgive. Do you not love that Allah should forgive you? And Allah is Oft-Forgiving, Most Merciful.

[Narrated Sahl bin Sa'd (رضی اللہ عنہ): Allah's Messenger (ﷺ). Said, "Whoever can guarantee (the chastity of) what is between your two jaw-bones and what is between his two legs [i.e. his mouth, tongue and his private parts] i.e. whoever protects his tongue from illegal talk e.g. To tell lies, or back biting etc. and his mouth from eating and drinking forbidden illegal things, and his private parts from illegal sexual acts. I guarantee Paradise for him.]
(Sahih-Al-Bukhari)

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۶(۴۸)۔ تمہارا مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کی یاد سے غافل نہ کردے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ O وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ O وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (المنافقون،۶۳/۹۔۱۰۔۱۱)

ترجمہ: مؤمنو! تمہارا مال اور اولاد تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کردے اور جو ایسا کرے گا تو وہ لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیں اور ہم نے تم کو جو مال دیا ہے اس میں سے اس وقت سے پہلے خرچ کرلو کہ تم میں سے کسی کی موت آجائے تو اس وقت وہ کہنے لگے کہ اے میرے پروردگار تو نے مجھے تھوڑی سی اور مہلت کیوں نہ دی، تاکہ میں خیرات کرلیتا اور نیک لوگوں میں داخل ہوجاتا اور جب کسی کی موت آجاتی ہے، تو اللہ اس کو ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ اس سے باخبر ہے

تشریح: ان آیات میں زندگی اور فرصت کے ایام میں راہ خداوندی میں مال صرف کرنے اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی چاہنے کی اہمیت جتائی گئی ہے، اس لیے کہ زندگی بہت مختصر ہے اور اس کا سلسلہ کسی بھی وقت ختم ہوسکتا ہے، اس لیے جو موقع بھی ملے اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ وخیرات کے ذریعے اپنی آخرت کو بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

(الف) حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے، کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

ہر روز صبح کے وقت دو فرشتے زمین پر اترتے ہیں، ان میں سے ایک یہ کہتا ہے۔ ''اے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

6(48).Let not your Properties or Children divert you from Allah:

Transliteration:

"Yaaa`ayyu-hallaziina `aa-manuu laa tul-hikum `amwaa-lukum wa laaa `awlaadukum `anZikrillaah. Wa many-yaf-`al zaalika fa-`ulaaa-`ika humul-khaasiruun.* Wa `anfiquu mimmaa razaqnaakum - min- qabli `any-ya`-tiya `ahadakumul-Mawtu fa-yaquula Rabbi law laaa `akh-khartaniii `ilaaa `ajalin-qariibin - fa - `assaddaqa wa `akum-minas-Saalihiin.* Wa lany-yu-`akhkhiral-laahu nafsan `izaa jaaa-`a `ajaluhaa ; Wallaahu khabii-rum-bimaa ta`maluun." (Al-Munafiqoon: 63:9-11)

Translation:

O you who believe! Let not your properties or your children divert you from the remembrance of Allah. And whosoever does that, then they are the losers.And spend (in charity) of that with which We have provided you before death comes to one of you and he says: "My Lord! If only you would give me respite for a little while (i.e. return to the worldly life), then I should give Sadaqah (i.e. Zakat) of my wealth, and be among the righteous perform Hajj (pilgrimage to Makkah) and other good deeds]. And Allah grants respite to none when his appointed time (death) comes. And Allah is All-Aware of what you do.

[Narrated Abu Hurairah (رضی اللہ عنہ) that, the Prophet(ﷺ) said, "Everyday two angels come down from heaven and one of them says, O Allah! Compensate every person who

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ سخی کو بہترنعم البدل عطا فرما، دوسرا کہتا ہے، اے اللہ بخیل کو (یا اس کے مال کو) ہلاک فرما، (صحیح البخاری، ج۲، حدیث۵۲۲)

(ب) حج کی ادائیگی ہر مسلمان پر فرض ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''اور اللہ کے لیے لوگوں پر اللہ کے گھر کا حج کرنا (فرض) ہے جو کوئی اس کی طرف جانے کی طاقت رکھتا ہو، (آل عمران، ۹۷/۳)

(ج) اسلام تمام سابقہ گناہوں کی معافی کا ذریعہ ہے، اسی طرح اللہ کی راہ میں ہجرت اور حج بھی سابقہ گناہوں کی معافی کا ذریعہ ہیں (اللؤلؤ والمرجان، ج۱، ب۵۲، ص۲۰۵: صحیح مسلم، ج۱، باب۵۲، ص۷۸)

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

spends in your cause, and the other (angel) says, 'O Allah! destroy every miser." (Sahih Al-Bukhari.)

{The performance of Hajj is an enjoined duty and its superiority, and the Statement of Allah)(ﷻ) "Hajj (pilgrimage) to the House (Kaabah), is a duty that mankind owes to Allah, those who can afford the expenses (for one's conveyance, provision and residence); and whoever disbelieves Allah), then Allah stands not in need of any of the Al-ameen (mankind and jinn)." (V.3:97).

Islam demolishes all the previous evil deeds and so do migration (for Allah's sake) and Hajj (pilgrimage to Makkah)} [Sahih Muslim]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۔ جہاد وقتال

جہاد کا لفظ ''جَھَدَ'' (اس نے کوشش کی، اس نے محنت کی) سے مشتق ہے، اس لیے ''جہاد'' کے لغوی معنی پوری محنت اور کوشش صرف کرنے کے ہیں، اصطلاح شریعت میں جہاد سے مراد اللہ کی راہ میں، اس کے دین کی سربلندی کے لیے قتال (جنگ وجدال) سمیت ہر طرح کی کوشش بروے کار لانا ہے۔

ارکانِ اسلام (توحید باری تعالیٰ ورسالت محمدیہ پر ایمان، نماز، روزہ حج اور زکوٰۃ) ہی کی طرح، جہاد وقتال بھی، اسلام کے اہم ترین احکام میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ''دین'' کی اشاعت اور اس کی سربلندی کی کوشش کرنا ہر مسلمان کا بنیادی فریضہ ہے اور اس کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ اسلام کی دولت حاصل کرنے کے بعد، اُسے باقی لوگوں تک پہنچانے کے لیے عملی جدوجہد کا راستہ اپنائے،..... اس جدوجہد کے راستے میں دشمنانِ اسلام کی طرف سے جو رکاوٹیں کھڑی کی جاتی ہیں ان کو دور کرنے کے لیے جو کوششیں کی جاتی ہیں، ان میں سے ایک ''جہاد'' کرنا بھی ہے،..... یہ تمام ''جدوجہد''،..... جہاد وقتال کہلاتی ہے۔

قرآن مجید میں ہے:

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ اور ان (دشمنانِ اسلام) سے لڑو، یہاں تک کہ فتنہ (فساد، وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ.... (البقرہ، ۲/۱۹۳) بدامنی) باقی نہ رہے اور تمام دین اللہ کا ہو جائے۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Jihad

Introduction

The word Jihad is derived from the verb jahada which means:" he exerted himself". Thus literally, Jihad means exertion, striving; but in juridico-religious sense, it signifies the exertion of one's power to the utmost of one's capacity in the cause of Allah.

Jihad in Islam is not an act of violence directed indiscriminately against the non-Muslims; it is the name given to an all-round struggle which a Muslim should launch against evil in whatever form or shape it appears. Qital fi sabilillah (fighting in the way of Allah) is only one aspect of Jihad.

The very first revelation in which the permission to wage war against the forces of evil sums up the aims and objects of qital in Islam:

" Permitted are those who are fought against, because they have been oppressed. and verily God is more Powerful for their aid. Those who have been driven from their homes unjustly only because they said: 'Our Lord is Allah, ' for had it not been for 'Allah's repelling someone by means of others, cloisters and churches and mosques, wherein the name of Allah is oft-mentioned, would assuredly have been pulled down. Verily Allah helps one who helps Him. Lo! Allah is Strong. Almighty " (22:39:41).

These verses eloquently speak of 'the fact that it is neither for the acquisition of territory nor for the love of power and distinction that the Muslims have been permitted to raise arms against the enemy. They were allowed to do so because their very existence had been made difficult by the high-handedness of the Meccans

The war in Islam is waged with a view to securing liberty and freedom for those who are groaning under the

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ اور اللہ کی راہ میں، جیسا کہ حق ہے، جہاد کرو۔
(الحج، ۲۲/۷۸)

آج مغرب اسلام کے تصورِ جہاد کے خلاف پروپیگنڈہ کر رہا ہے، کہ جہاد اپنے دشمنوں کو مارنے اور امن عالم تباہ کرنے کا نام ہے، حالانکہ حقیقت یہ ہے، کہ جہاد تو امن عالم کو بچانے اور دنیا سے بدامنی کے خاتمے کے لیے شروع ہوا ہے..... سورۃ الحج کی اس آیت میں جس میں حج کی اجازت دی گئی، ارشاد ہے:

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ ○ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا (الحج، ۲۲/۴۰)

ان لوگوں کو جن سے جنگ کی جا رہی ہے، جنگ کرنے کی اجازت دی جاتی ہے، اس لیے کہ ان پر ظلم ہوا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ ان کی مدد کرنے پر قادر ہے،... وہ لوگ جنہیں ان کے گھروں سے ناحق نکالا گیا، صرف اس بنا پر کہ وہ کہتے تھے، اللہ ہمارا رب ہے اور اگر اللہ تعالیٰ ایک کو دوسرے سے لڑا کر، اس کی طاقت کو ختم نہ کرے، تو (عیسائیوں کے) صومعے، (یہودیوں کے) معبد اور (مسلمانوں کی) مساجد منہدم کر دی جاتیں، جن میں اللہ کا بہت ذکر کیا جاتا ہے

اس سے واضح ہوتا ہے، کہ ''جہاد'' امن عالم کی حفاظت کرتا ہے۔

بنیادی طور پر اسلام کی سربلندی اور اعلائے کلمۃ اللہ کی جدوجہد کے تین مراحل ہیں:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

oppression of heartless tyrants. It is the bounden duty of the Muslims to alleviate their sufferings and create for them an atmosphere of peace and security.

Then in the succeeding verse a distinction is also drawn between two types of war: one which is fought for the sake of Allah and the other which is waged for evil ends:

"Those who believe fight in the way of Allah and those who disbelieve fight in the way of devil. So fight against the friends of Satan; verily weak indeed is the strategy of the devil" (5:4: 76).

It has been made clear that those people who fight for self-glorification or for the exploitation of the weak are in fact friends of the devil; where as those who raise arms to curb tyranny and aggression, to eradicate evil from the human society, fight in the way of Allah. Mere fighting is not, therefore, Jihad in Islam; it is the noble objective alone which makes it a sacred pursuit like devotion and prayer.

It is narrated on the authority of Abu Musa Ash'ari that once a man went to the Holy Prophet (may peace be upon him) and said: One man fights for the sake of spoils of war, the second one fights for fame and glory and the third to display his courage and skill; which among them is the fighter for the cause of Allah? Upon this the Holy Prophet (may peace be upon him) replied: He who fights with the sole objective that the word of Allah should become supreme is a Mujahid in the cause of the Lord.

Muslims have been exhorted to observe five principles of war:

Be steadfast in the face of the enemy.

Have full reliance on the help of Allah and remember Him much.

Have the unity of purpose and solidarity of corporate life always before your eyes.

Be fully aware of the lofty purpose before you in fighting.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۔ تبلیغ و دعوتِ دین پیش کرنا۔

۲۔ اگر اس موقع پر مسلمانوں کے لیے مشکلات پیدا ہو جائیں اور ان کے لیے آزاد فضا میں کام کرنا مشکل ہو جائے، تو اس علاقے کے تمام لوگوں پر ہجرت فرض ہو جاتی ہے۔ یہ ہجرت یا راہِ اسلام میں نقل مکانی کرنا،... دعوت و تبلیغ کا دوسرا مرحلہ ہے۔

۳۔ ایسے دشمنانِ اسلام کے خلاف جو اسلام کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرتے اور مسلمانوں پر مظالم ڈھاتے ہیں، عملی جدوجہد بصورت قتال (جنگ) کرنا۔

جہاد و قتال، یعنی اسلام کی راہ میں لڑی جانے والی جنگ کی بہت سی شرائط ہیں جن میں مسلمانوں میں "امیر" کا قیام اور اس کے احکام کی اتباع و اطاعت کی شرط بڑی اہمیت رکھتی ہے۔

جہاد میں اپنی نیت کو خالص رکھنا بے حد ضروری ہے، حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا: یا رسول اللہ مجھے جہاد کے متعلق بتایئے، فرمایا: اگر تو نے ثابت قدمی اور ثواب کمانے کی نیت کے ساتھ جہاد کیا تو اللہ تعالیٰ تجھے ثابت قدمی اور ثواب کمانے والا بنا کر اٹھائے گا اور اگر تو نے لوگوں کو دکھاوے کے لیے اور اپنی بڑائی کے لیے جنگ کی، تو اللہ تعالیٰ اسی حالت میں تجھے اٹھائے گا۔ اے عبداللہ! جس حالت میں بھی تو نے قتال کیا یا خود قتل ہو گیا، تو اللہ تعالیٰ تجھے اسی حالت پر اٹھائے گا"۔

قرآن کریم میں قَاتِلُوْا، (ان سے لڑو) کا حکم آٹھ مرتبہ اور جَاهِدُوْا، (جہاد کرو) کا چار بار اور جاھدُوْا (انہوں نے جہاد کیا، بصورت صیغہ ماضی)....۱۱ مرتبہ دہرایا گیا ہے، (دیکھیے معجم المفہرس لالفاظ القرآن الکریم، بذیل مادہ)، جس سے اس حکم کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

الجهاد ماض الى يوم القيامة ،....(مشکوٰۃ) جہاد قیامت تک جاری رہے گا

وہ آیات، جو "يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا" سے شروع ہوتی ہیں اور جہاد و قتال کے احکام پر مشتمل ہیں، ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Don't be proud and boastful in your attitude and behaviour.

Islam has purified even war of all its cruelty and horrors and has made it a" reformative process" to deal with evil. The Holy Qur'an observes:

"And fight in the way of Allah against those who fight against you and transgress not the limits. Verily Allah loves not the transgressors" (2:190).

The Holy Prophet (may peace be upon him) has given clear instructions about the behaviour of the Muslim army. He observed:

"Set out for Jihad in the name of Allah and for the sake of Allah. Do not lay hands on the old verging on death, on women, children and babes. Do not steal anything from the booty and collect together all that falls to your lot in the battlefield and do good, for Allah loves the virtuous and the pious."

So great is the respect for humanly feelings in Islam that even the wanton destruction of enemy's crops or property is strictly forbidden. The righteous Caliphs followed closely the teachings of Allah and those of His Apostle in letter and spirit the celebrated address which the first Caliph Abu Bakr (Allah be pleased with him) gave to his army while sending her on the expedition to the Syrian borders is permeated with the noble spirit with which the war in Islam is permitted. He said:

"Stop, O people, that I may give you ten rules for your guidance in the battlefield. Do not commit treachery or deviate from the right path. You must not mutilate dead bodies. Neither kill a child, nor a woman. nor an aged man. Bring no harm to the trees, nor burn them with fire, especially those which are fruitful. Slay not any of the enemy's flock. Save for your food. You are likely to pass by people who have devoted their lives to monastic services; leave them alone."

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱(۴۹)۔صبر اور نماز کے ذریعے اللہ کی مدد طلب کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ O وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ O وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ط وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ O الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ لا قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ O اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ز وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ O (البقرۃ ۲/۱۵۳)

ترجمہ: اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد لیا کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں ان کی نسبت یہ نہ کہنا کہ وہ مرے ہوئے ہیں (وہ مردہ نہیں)، بلکہ زندہ ہیں لیکن تم نہیں جانتے اور ہم کسی قدر خوف اور بھوک اور مال اور جانوں اور میووں کے نقصان سے تمہاری آزمائش کریں گے تو صبر کرنے والوں کو (اللہ کی خوشنودی) کی بشارت سنا دو ان لوگوں پر جب کوئی مصیبت واقع ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کا مال ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی مہربانی اور رحمت ہے، اور یہی سیدھے راستے پر ہیں۔

تشریح: الصابرین،.... الصابر کی جمع ہے،.....جس کے معنی ''صبر'' کرنے والا۔ ''صبر'' ایک عظیم عمل ہے، جس میں راہ خداوندی میں برداشت اور تحمل اور راہ علم و عمل پر استقامت کا جذبہ اور نماز کی پابندی وغیرہ شامل ہیں، سچ تو یہ ہے، کہ ''صبر'' کے بغیر بندہ کوئی بھی اعلیٰ رتبہ حاصل نہیں کر سکتا۔ ان آیات میں صبر کرنے والوں کے روحانی مقامات کا نہایت عمدگی کے ساتھ ذکر آیا ہے:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1(49). To Seek Help of Allah in patience and As-Salat:

Transliteration:

"Ya ayyuha alladzeena amanusta-eenoo bis-sabri was-salah; innallaaha maa-assabireen.*Walaa Taqoolu li-man-yuqtalu fee sabilil-lahe amwaat.Bal ahyaa Unw-walakill-laa tashuroon. Wa lanablu-wannakum bishay-im- minalkhofe waljuu-e wa naqsim minal-amwale wal anfusi, wassamaratt. wa bashshiri-ssabireen. Al-ladheena izza asaabathum, museebatun, qaloo, inna' lillahe-wa,inna ilaihe, rajioon. Ulaa-ika' alaihim salaawatum mir-Rabbihim warmah: wa'uool-aika humul - muhtadoon." (Al-Baqara:2:153- 157)

Translation:

O you who believe! Seek help in patience and As-Salat (the prayer). Truly! Allah is with As-Sabirun (the patient).*

And say not of those who are killed in the way of Allah, "They are dead." Nay, they are living, but you perceive (it) not.*

And certainly, We shall test you with something of fear, hunger, loss of wealth, lives and fruits, but give glad tidings to Assabireen (the patient).*

Who, when afflicted with calamity, say: "Truly! To Allah we belong and truly, to Him we shall return." They are those on whom are the Salawat (i.e. who are blessed and will be forgiven) from their Lord, and (they are those who) receive His Mercy, and it is they

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ (۳/۱۴۶) اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

سورۃ الزمر میں ارشاد ہے،

اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ (۳۹/۱۰) بلا شبہ صبر کرنے والوں کو ہی، ان کا اجر بے حساب دیا جائے گا

ایک حدیث میں حضرت صُہیبؓ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مؤمن کا معاملہ بہت عجیب ہے، اور یہ بات مؤمن کے سوا کسی اور کو حاصل نہیں ہے: اگر اُسے کوئی نعمت ملے اور وہ اُس پر شکر کرے، تو وہ اس کے لیے خوب تر ہو جاتی ہے اور اگر اُسے کوئی مصیبت یا آزمائش آجائے اور وہ اس پر صبر کرے، تو اس میں، اس کے لیے خیر ہوتی ہے،.....مؤمن کا ہر معاملہ خیر اور بھلائی والا ہے، (البخاری)

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

O, you who believe.....

who are the guided ones.

{As-Sabiroon [patient] Patience is a high status, which, can only be attained by those who are tested with affliction and adversities that they bear patiently and accept the will and decree of Allah, and seeks its reward from Allah alone and remembers him by offering regular Salat.

This has further mention in the Qur'an: Sura Al-Imran, last line of the verse 14:3:146]," And Allah loves As-Sabirun" and in Sura Al-zumar [23:39:10] only those who are patient shall receive their reward in full, without reckoning.

[Narrated Suhayb(رضی اللہ عنہ)that the Messenger of Allah(ﷺ). Said: How wonderful is the affair of the believer, for his affair is all good, and this applies to no one except the believer. If something good happens to him, he gives thanks [to Allah] and that is good for him, and if something bad befalls him, he bears it with patience. [This has to do with the virtue of patience in general.]

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲(۵۰)۔ غیر مذہب کے آدمی کو اپنا خصوصی دوست نہ بناؤ

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ○ (آل عمران ۳/۱۱۸)

ترجمہ: مؤمنو! کسی غیر (مذہب کے آدمی) کو اپنا راز دار نہ بناؤ، یہ لوگ تمہاری خرابی (اور فتنہ انگیزی کرنے) میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ تمہیں تکلیف پہنچے، ان کی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے اور جو (کینے) ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنا دی ہیں۔

تشریح: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ایک مرتبہ پھر اس بات پر متنبہ کیا ہے کہ وہ کسی غیر مسلم سے دلی اور قلبی دوستی نہ رکھیں اور ان سے قریبی تعلقات قائم نہ کریں اور نہ انہیں عزت و اقتدار والے منصب دیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم کی دوستی مسلمان کو اس کے دین و مذہب سے برگشتہ یا کمزور کرنے کے علاوہ اسلامی معاشرے کے لیے بایں معنی نقصان دہ ہو سکتی ہے کہ اس سے غیر مسلم مضبوط ہوں گے اور وہ مسلمانوں کے راز،.....اپنے ہم مذہب لوگوں تک پہنچائیں گے۔

ایک روایت میں ہے، کہ حضرت ابوموسیٰ الاشعری نے ایک مرتبہ ایک غیر مسلم کو اپنا معاون رکھ لیا، حضرت عمر فاروقؓ کو پتہ چلا تو وہ سخت خفا ہوئے اور حضرت ابوموسیٰؓ سے فرمایا: ''اے ابوموسیٰ! ایسے لوگوں کو اپنے قریب نہ لاؤ، جنہیں اللہ تعالیٰ نے دور رکھنے کا حکم دیا ہے، ان لوگوں کو عزت نہ دو، جنہیں اللہ تعالیٰ نے عزت نہیں دی، اور ان لوگوں پر اعتماد نہ کرو، جن پر اللہ تعالیٰ نے اعتماد نہ کرنے کا حکم دیا ہے''۔

ارض فلسطین، ارض اندلس، ارض صقلیہ میں.....اسی دوستی نے مسلمانوں کو نقصان پہنچایا۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2(50). Not to take non-believers as friend:

Transliteration:

"Yaa-ayyuhallazeena amanoo la tattakhizuu bitaanatan min doonikum laa ya,loonakum kha-baalaa.Waddoo maa' anittum qad badatil-bagzaa,u min afwaahihim wama tukhfee sudooruhum akbaru qad bayyannaa lakumul-ayaati in kuntum taaqiloon." (Aal-e-Imran:3:118)

Translation:

O you who believe! Take not as (your) Bitanah (advisors, consultants, protectors, helpers, friends) those outside your religion (pagans. Jews, Christians, and hypocrites) since they will not fail to do their best to corrupt you. They desire to harm you severely. Hatred has already appeared from their mouths, but what their breasts conceal is far worse. Indeed We have made plain to you the Ayat (proofs, evidences, verses) if you understand.

{Once again Muslims are being warned to distance themselves and not to be friend the non believers as they keep malice. against the believers and it is strongly stressed and being advocated not to offer them high positions which they will benefit from and use their status against the believers.}

[It is Narrated that Abu Musa Asha'ari(رضی اللہ عنہ)appointed a non-Muslim as his assistant. When it came to the notice of Umar Ibn Khattab (رضی اللہ عنہ) he severely reprimanded him [Abu Musa Ashaari] and said: Do not bring such people near you as Allah has distanced them, do not give them respect as Allah has dishonored them and do not gain their confidence for they are not trustworthy.]

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳(۵۱)۔کافروں کا کہانہ مانو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ O بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ O (آل عمران ۱۴۹/۳)

ترجمہ: مؤمنو! اگر تم کافروں کا کہا مان لو گے تو وہ تم کو اُلٹے پاؤں پھیر (کر مرتد کر) دیں گے، پھر تم بڑے خسارے میں پڑ جاؤ گے (یہ تمہارے مددگار نہیں ہیں)، بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے۔

تشریح: اس آیت میں مسلمانوں کو کفار کی اطاعت کرنے، ان کا کہا ماننے اور ان کے علاقوں میں رہائش رکھنے سے منع کیا گیا ہے،.... حضرت سمرہؓ بن جندب سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بھی کفار سے ملے، ان کے ساتھ اٹھے بیٹھے، اور ان کے ہمراہ رہن سہن اختیار کرے وہ قیامت کے دن انہی کے ساتھ شمار ہوگا (ابوداؤد، کتاب الجہاد)۔

مطلب یہ ہے، کہ اگر کوئی مسلمان کسی ایسے علاقے یا سرزمین میں ہو، جہاں کفار کا غلبہ ہے، تو اُسے وہاں سے ہجرت کر کے کسی مسلمان ریاست میں آ جانا چاہئے ورنہ وہ انہی میں شمار ہوگا۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3(51). Residing in the land with Mushriks:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena amanoo in tutee - ullazeena kafaroo yaruddookum alaa a- qaabikum fatan - qaliboo khasireen. * Balil- laahu mawlakum wa huwa khair-un-nasireen." (Aal-e-Imran:3:149-150)

Translation:

O you who believe! If you obey those who disbelieve, they will send you back on your heels, and you will turn back (from Faith) as losers.* Nay, Allah is your Maula (Patron, Lord, Helper, Protector) and He is the Best of helpers.

{What is said about residence [staying] in the land of Ash-Shirk [the land where polytheism is practiced}

[Narrated Samurah bin Jundub(رضی اللہ عنہ) Allah's Messenger (ﷺ). Said, "Any body [from among the Muslims] who meets, gathers together, lives and stays [permanently] with a Mushrik [polytheist or a disbeliever [in the Oneness of Allah] and agrees to his ways, opinion, etc. and [enjoysi his living with him [Mushrik] then he [that Muslim] is like him [Mushrik]. [This Hadith (tradition) indicates that a Muslim should not stay in a non-Muslim country he must emigrate to a Muslim country, where Islam is practiced.] (The book on Jihad, Abu Dawud)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴(۵۲)۔راہِ جہاد میں مرنا بہت بڑی سعادت ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ○ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ○ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ○ (آل عمران،۳/۱۵۶۔۱۵۸)

ترجمہ: مؤمنو! ان لوگوں جیسے نہ ہونا جو کفر کرتے ہیں اور ان کے (مسلمان) بھائی جب (اللہ کی راہ میں) سفر کریں (اور مر جائیں) یا جہاد کو نکلیں (اور مارے جائیں) تو ان کی نسبت کہتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے۔ان باتوں سے مقصود یہ ہے کہ اللہ ان کے لوگوں کے دلوں میں افسوس پیدا کر دے اور زندگی اور موت تو اللہ ہی دیتا ہے اور اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے اور اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ یا مر جاؤ، تو جو مال ومتاع لوگ جمع کرتے ہیں، اس سے اللہ کی بخشش اور رحمت کہیں بہتر ہے۔

تشریح: یہ آیات مبارکہ غزوۂ اُحد کے موقع پر نازل ہوئیں، اس جنگ میں مسلمانوں کا جانی نقصان زیادہ ہوا، تقریباً ۷۰ کے قریب جلیل القدر صحابہ نے جام شہادت نوش کیا، اس سے مدینہ منورہ کے منافقوں کو اسلام کے خلاف زہر اگلنے کا موقع مل گیا۔منافقوں نے یہ کہنا شروع کر دیا، کہ اگر شہید ہونے والے مسلمان ہمارے ساتھ رہتے یا محمد ﷺ ہماری بات مان لیتے (جو چاہتے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

4(52). Be not like those who disbelieve:

Transliteration:

"Ya ayyu-hallazeena amanuu la takoonoo kallazeena kafaroo waqaaloo li,ikhwanihim izza zaraboo fil-arzi 'aw kanoo ghuzzal-law kanoo indanna ma matoo wama qutiloo liyaj-alallaahu zaalika hasratan fee quloobihim wallahu yuhyee wa-yumeet, wallaahu bimma taamaloona baser.* Wala,im qutiltum fee Sabeelillahi aw muttum lamaghfiratun minallahi warahmatun khairum mimma yajmaaon.* Walin muttum aw qutiltum la,ilallahi Tuhsharoon." (Aal-e-Imran: 3:156-158)

Translation:

O you who believe! Be not like those who disbelieve (hypocrites) and who say to their brethren when they travel through the earth or go out to fight: "if they had stayed with us, they would not have died or been killed," so that Allah may' make it a cause of regret in their hearts. It is Allah that gives life and causes death. And Allah is All-Seer of what you do. And if you are killed or die in the way of Allah, forgiveness and mercy from Allah are far better than all that they amass (of worldly wealths). And whether you die, or are killed, verily, unto Allah you shall be gathered.

{Kufr is basically disbelief in any of the articles of Faith in Islam and which includes Al-Qadar Divine pre-ordainments that whatever Allah has ordained must come to pass.

This is the category of "Ash Shirk Al Khafi" or the inconspicuous Shirk" is type implies being

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھے کہ مدینہ منورہ کے اندر رہ کر مقابلہ کیا جائے) تو یہ لوگ کبھی نہ مرتے،....اس پر ایک جواب تو یہ دیا گیا کہ جن لوگوں پر اللہ نے مرنا یا شہید ہونا لکھ دیا تھا، وہ تقدیر کے اس فیصلے سے کبھی بھی نہیں بچ سکتے تھے اور پھر یہ بھی حقیقت ہے کہ شہید ہونا تو بڑے رتبے اور اعزاز کی بات ہے، وہ بھی اُحد جیسے غزوہ میں، پھر یہ بات بھی واضح ہے کہ بندہ بستر مرگ پر مرے یا میدان جہاد میں شہادت پائے، دونوں صورتوں میں، اُس نے اللہ تعالیٰ ہی کے روبرو حاضر ہونا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر ایمان نہ رکھنا بھی کفر ہی کے زمرے میں آتا ہے، بعض روایات میں اُسے شرک خفی، قرار دیا گیا ہے، نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے، کہ مسلمانوں میں ''شرک خفی'' رات کی گہری تاریکی میں کسی کالی چٹان پر رینگنے والی چیونٹی سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے،...اس قسم کے شرک سے بچنے کے لیے تین بار یہ دعا مانگنی چاہئے، کہ ''اے اللہ اگر میں نے تیری عبادت میں کسی کو شریک کیا ہو، تو مجھے معاف کر دے، اور میں اپنے ان گناہوں سے بھی معافی کا طالب ہوں جن کا مجھے علم نہیں ہے''

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

inwardly dissatisfied with the inevitable lamenting oneself that had he done this instead of this or had approached such and such things would have been different.} [Sadly very much being practiced by those weak in Faith.]

[The Noble Prophet Muhammad(ﷺ) said: "Ash -Shirk-AL-khafi" "in the Muslim nation is more inconspicuous than the creeping of a black ant on a black rock in the pitch darkness of the night. And this Shirk is expiated by saying thrice the following:" O Allah! I take you refuge from that I should ascribe anything as partner in your worship, being conscious of that, and I beg and seek Pardon for that sin which I am not aware of."] [Sahih al-Bukhari]



محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵(۵۳)۔ کفار کے مقابلے میں ثابت قدم رہو اور ملکی سرحدوں کی حفاظت کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ق وَاتَّقُوْا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ (آل عمران،۳/۲۰۰)

ترجمہ: اے اہل ایمان (کفار کے مقابلے میں) ثابت قدم رہو اور استقامت رکھو اور (مورچوں پر) جمے رہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو تا کہ مراد حاصل کرو

تشریح: ''اصبرو، صابرو'' اور'' رابطو''.....(ثابت قدم رہو، اور ''سرحدوں کی حفاظت کرو) یہ الفاظ اللہ کی راہ میں صبر و استقامت کے بہت ہی گہرے جذبوں کا اظہار کرتے ہیں.

حضرت ابوسعید الخدریؓ سے مروی ہے، کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، جب کوئی مسلمان کسی مصیبت یا پریشانی سے دوچار ہوتا ہے، خواہ وہ مہلک بیماری ہو، پریشانی، غم یا نقصان ہو اور خواہ کانٹا چبھنے کی تکلیف ہو، تو اس کے بدلے اللہ تعالیٰ اس کے کسی نہ کسی گناہ کو معاف کر دیتا ہے، یہ مقام ان لوگوں کو ملتا ہے جو مصیبت کے دوران کامل صبر اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

الغرض اللہ تعالیٰ اپنے اہل ایمان کو، ان کی محنت و مشقت کا بدلہ ضرور عطا فرماتا ہے

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5(53). Patience and Steadfastness:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena aama-nusbiru wa'saabiru waraabitu wattaqullaha la-allakum tuflihoon."
(Aal-e-Imran:3:200)

Translation:

O you who believe! Endure and be more patient (than your enemy), and guard your territory (by stationing army units permanently at the places from where the enemy can attack you) and fear Allah, so that you may' be successful.

{Isbiru, wasabiru and Rabitu are terms, which, are related to the extreme limit of patience and steadfastness under various testing conditions of fortitude in cause of Allah.}

[Abu Sa'id Khudri related that Rasul Allah(ﷺ). said: Whenever a Muslim is afflicted by any hardship, whether it be a chronic illness, anxiety, grief, harm, disaster, or even a thorn prick, Allah wipes out some of his minor sins.

[This reward is only for those who observe patience and perseverance during the hours of their trial, those who have complete trust in Allah a1.d always thank Him, knowing whatever is determined by Allah is good for them]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۶(۵۴)۔ جہاد کے راستے میں نکلو تو مسلح ہو کر اور جماعت کی صورت میں نکلو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ○ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ○ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مُوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا (النسآء،۴/۷۱)

ترجمہ: مؤمنو! (جہاد کے لیے) ہتھیار لے لیا کرو، پھر یا تو جماعت جماعت ہو کر نکلا کرو، یا سب اکٹھے کوچ کیا کرو اور تم میں کوئی ایسا بھی ہے کہ (عملاً) دیر لگاتا ہے، پھر اگر تم پر مصیبت پڑ جائے تو کہتا ہے کہ اللہ نے مجھ پر بڑی مہربانی کی کہ میں ان میں موجود نہیں تھا اور اگر اللہ تم پر فضل کرے تو اس طرح سے کہ گویا تم میں اور اس میں دوستی تھی ہی نہیں (افسوس کرتا اور) کہتا ہے کہ کاش میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو مقصد عظیم حاصل کرتا۔

تشریح: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے میدان جنگ میں مسلمانوں کو احتیاطی تدابیر ملحوظ رکھنے کی ہدایت فرمائی ہے، گویا میدان جنگ میں بھی انسانی جان کی حفاظت ضروری ہے اور اسے خوامخواہ ضائع کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

حضرت ابوسعید الخدریؓ سے روایت ہے کہ بہت سے منافق نبی اکرم ﷺ کے پیچھے رہنا پسند کرتے تھے اور جنگ کے وقت اپنے گھروں میں بیٹھے رہتے، پھر جب نبی اکرم ﷺ غزوے کے بعد واپس آتے، تو وہ آپ کے سامنے جھوٹی قسمیں کھاتے اور جھوٹے عذر پیش کرتے، اور پھر یہ بھی چاہتے کہ ایسے کاموں پر جو انہوں نے سرے سے کیے ہی نہ تھے، ان کی تعریف کی جائے، (صحیح البخاری)۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

6(54). Go forth all together:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena amanoo khuzoo hizrakum fanfiroo subaatin awinfiroo jameeaa.* Wa,inna minkum lamalla yubatte-'ann. fa,in asabatkum museebatun qaala qad'an-amallaahu aalayya, iz lum akum-ma,aahum shaheeda.* Wala,in asaabakum fazlun minallahi layaqoolanna ka,allam takum bainakum wabainahu mawaddatuny- yaalaitani kuntu ma-ahum fa,afooza fozan aazeema." (An-Nisaa:4:71-73)

Translation:

O you who believe! Take your precautions, and either go forth (on an expedition) in parties, or go forth all together.*

There is certainly among you he who would linger behind (from fighting in Allah's Cause). If a misfortune befalls you, he says, Indeed Allah has favored me in that I was not present among them.*

But if a bounty (victory and booty) comes to you from Allah, he would surely say, as if there had never been ties of affection between you and him "Oh! I wish I had been with them: then I would have achieved a great success (a good share of booty).

[Narrated, Abu Sai'd AI-Khudri(رضی اللہ عنہ): During the lifetime of the Prophet(ﷺ) some men amongst the hypocrites used to remain behind [did not accompany him when he went out for a Ghazwa and they would be pleased to stay at home behind. When Allah's Messenger (ﷺ) returned [from the battle] they would put forward false excuses and take oaths wishing to be praised for what they had not done so then was revealed:] [Sahih Al-Bukhari]

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷(۵۵)۔ کسی قوم پر حملہ کرنے سے قبل اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ۚ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا (النسآء،۴/۹۴)۔

ترجمہ: مؤمنو! جب تم اللہ کی راہ میں باہر نکلا کرو تو تحقیق سے کام لیا کرو اور جو شخص تم سے سلام علیک کہے اس سے یہ نہ کہو کہ تم مؤمن نہیں ہو اور اس سے تمہاری غرض یہ ہو کہ دنیا کی زندگی کا فائدہ حاصل کرو، سو اللہ کے یہاں بہت سی غنیمتیں ہیں۔ تم بھی تو پہلے ایسے ہی تھے پھر اللہ نے تم پر احسان کیا تو (آئندہ) تحقیق کر لیا کرو اور جو عمل تم کرتے ہو اللہ کو سب کی خبر ہے۔

تشریح: مطلب یہ ہے، کہ کوئی قدم اٹھانے سے پہلے مسلمانوں کو اس مسئلے کی اچھی طرح تحقیق کر لینی چاہئے، حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ لوگ جہاد کے لیے جا رہے تھے، انہیں ایک شخص بکریاں چراتا ہوا ملا اس نے انہیں سلام کیا (مگر انہوں نے سمجھا کہ یہ کافر ہے اور صرف بچنے کے لیے سلام کر رہا ہے)۔ اس پر انہوں نے اُسے قتل کر دیا اور اس سے مالِ غنیمت چھین لیا، اس پر یہ آیت اتری (البخاری، ۲۰۸/۸، حدیث، ۴۵۹۱)۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

7(55). Investigate and verify truth:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena amanoo izaa zarabtum fee sabeelillahi fata-bayyanoo walaa taqooloo liman alqaa ilay-kumus-salaama lasta Mu,mina! tabtaghoona aarazalhayaati-ddunya Faaindallahi maganimu katheerah.Kazalika kuntum min qablu famannallahu alaykum fatabayyanoo innallaha kana bima taamaloona khabeera." (An-Nisaa:4:94)

Translation:

O you who believe! When you go (to fight) in the Cause of Allah, verify (the truth), and say not to anyone who greets you (by embracing Islam): "You are not a believer"; seeking the perishable goods of the worldly life. There are much more profits and booties with Allah. Even as he is now, so were you yourselves before till Allah conferred on you His Favours (i.e. guided you to Islam), therefore, be cautious in discrimination. Allah is Ever Well-Aware of what you do.

[Narrated Ibn Abbas(رضی اللہ عنہما), There was a man amidst his sheep. [The Muslims pursued him, and he said to them," peace be upon you" but they killed him and took over his sheep there upon Allah revealed in that concern this verse.] [Sahih-Al-Bukhari]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۸(۵۶)۔ کسی غیر مسلم سے گہری دوستی نہ رکھو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا

(النسآء، ۴/ ۱۴۴)

ترجمہ: اے اہل ایمان! مؤمنوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بناؤ کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کا صریح الزام لو۔

تشریح: یہ حکم قرآن مجید میں کئی مرتبہ دہرایا گیا ہے اور اسلام کے ان سچے جذبوں کا اظہار کرتا ہے، جو اسلام کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو عطا فرمائے ہیں،.....اگر کوئی مسلمان اس کے باوجود ان سے دوستی رکھے گا، تو وہ قابل سزا تصور ہوگا، یہاں ''من دون المؤمنین'' (مومنوں کے سوا) کا جملہ بڑی معنویت رکھتا ہے۔ مطلب یہ ہے، کہ مسلمانوں کو اپنی دوستی، اپنی محبت اور اپنے تعلقات وغیرہ مسلمانوں تک محدود رکھنے چاہئیں، البتہ اگر ظاہرداری کے طور پر، ان سے اچھے اخلاق اور برتاؤ کا مظاہرہ کیا جائے اور اس کا مقصد ان کے شر سے بچنا ہو، تو وہ الگ بات ہے۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

8(56).Forbidden is to be friend a non-believer:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena amanoo la tattakhizu-lkafireena awli-yaa'amin doonilmu,mineen. Atureedoona an tajaaloo lillahi aalaykum sultanam mubeena." (An-Nisaa:4:144)

Translation:

O you who believe! Take not for Auliya' (protectors or helpers or friends) disbelievers instead of believers. Do you wish to offer Allah a manifest proof against yourselves?

[Allah has forbidden friendship with non-believers [Kafirs], even after this command of Allah if some people [believers] still prefer and insist to take them as friends is then an open act of disobedience towards Allah which will only lead to His punishing them as well."]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۹(۵۷)۔ مسلمان صرف اللہ پر بھروسہ رکھیں

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ (المآئدۃ،۵/۱۱).

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ نے تم پر جو احسان کیا ہے اس کو یاد کرو جب ایک جماعت نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی کریں تو اس نے ان کے ہاتھ روک دیئے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مؤمنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

تشریح: مطلب یہ ہے، کہ حالت جنگ ہو یا حالت امن، مسلمانوں کو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ اور اعتماد رکھنا چاہئے۔ وہی انہیں گردوپیش کے برے حالات سے بچاتا ہے۔

حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے، کہتے ہیں، کہ وہ ایک دفعہ ایک غزوے میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ تھے۔ واپسی کے سفر میں، دوپہر کا وقت ایک ایسی وادی میں آیا جہاں کانٹے دار درختوں کی کثرت تھی، وہاں سب لوگ آرام کے لیے درختوں کی چھاؤں میں منتشر ہو گئے اور نبی اکرم ﷺ بھی ایک درخت کے نیچے آرام کرنے کے لیے لیٹ گئے۔ ابھی ہماری آنکھ لگی ہی تھی کہ رسول اللہ ﷺ کی آواز نے ہمیں جگا دیا، ہم جب خدمت اقدس میں پہنچے، تو ہم نے ایک بدوؔ کو آپ کے قریب بیٹھے ہوئے دیکھا، آپؐ نے فرمایا کہ میں یہاں سو رہا تھا کہ یہ بدوؔ آیا اور اس نے میری تلوار مجھ پر تان لی اور کہا ''تجھے میرے ہاتھ سے کون بچائے گا، میں نے کہا اللہ'' یہ سن کر تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی،.....اور اب یہ شخص میرے سامنے بیٹھا ہے۔ پھر آپ نے اُسے معاف کر دیا (البخاری، کتاب المغازی).

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

9(57). Fear and Trust Allah:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena amanuz-kuroo ni-matallahi aalaykum iz hamma qawmun any-yabsutoo ilaykum aydiyahum fakaffa aydiyahum ankum wattaqullah.Wa'alal-laahi falyatawakkalil mu,minoon." (Al-Maeda:5:11)

Translation:

O you who believe! Remember the Favour of Allah unto you when some people desired (made a plan) to stretch out their hands against you, but (Allah) held back their hands from you. So fear Allah. And in Allah let the believers put their trust.

[Narrated Jabir bin Abdullah(رضی اللہ عنہ) that he participated in a Ghazwa [Holy Battle] in the company of Allah's Apostle(ﷺ). Midday came upon them while they were in a valley having many horny trees. The people dispersed to rest in the shade of the trees. The Prophet(ﷺ) rested under a tree, and hung his sword on it and then slept. Then he woke up to find near him a man whose presence he had not noticed before, The Prophet(ﷺ). said, "This [man] took my sword out of his scabbard and said, who will save you from me.'? I replied, 'Allah' so, he put the sword back into its scabbard and you see him sitting here." Any how the Prophet(ﷺ). did not punish him.]

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۰(۵۸)۔اللہ کا قرب تلاش کرنے کے لیے ذریعہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجٰهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ O (المآئدۃ،۵/۳۵)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور اس کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ تلاش کرتے رہو اور اس کے رستے میں جہاد کرو تا کہ رستگاری پاؤ۔

تشریح: اس آیت میں مذکور لفظ ''وسیلہ'' سے مراد ایسے اعمال اور ایسے وظائف ہیں جو بندے کو اللہ کے نزدیک کر دیں،.....ایک حدیث مبارکہ میں اسی بات کا یوں ذکر ملتا ہے:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں اُس شخص سے اعلان جنگ کرتا ہوں جو میرے کسی ولی (پرہیز گار، نیک شخص) سے بغض وعداوت رکھے اور سب سے محبوب شے جو بندے کو میرے قریب کرتی ہے وہ فرائض ہیں، جو میں نے اس پر عائد کیے ہیں اور بندہ نوافل کے ذریعے میرے قریب ہوتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اُس سے محبت کرنے لگتا ہوں، جب میں اُس سے محبت کرتا ہوں تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے، اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے، اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے، اس کا قدم ہو جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے، وہ مجھ سے جو کچھ مانگتا ہے، میں اُسے عطا کرتا ہوں، اگر وہ میری حفاظت مانگتا ہے تو میں اُسے اپنی حفاظت ونصرت عطا کرتا ہوں اور مجھے کسی شے کے کرنے میں اتنی ہچکچاہٹ نہیں ہوتی، جتنی اپنے مؤمن بندے کی جان لینے میں ہوتی ہے، اس لیے کہ وہ موت کو پسند نہیں کرتا اور میں اس کا دل توڑنا پسند نہیں کرتا (البخاری).

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

10(58).Seek the means of approach to Allah:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena amanuttaqullaha wabtaghoo ilayhil-waseelata wajahidoo fee sabeelihi la-allakum tuflihoon." (Al-Maida:5:35)

Translation:

O you who believe! Do your duty to Allah and fear Him. And seek the means of approach to Him and strive hard in His Cause (as much as you can), so that you may be successful.

[Narrated Abu Hurrairah(رضی اللہ عنہ) Allah's Messenger(ﷺ). Said, "Allah said, I will declare war against him who shows hostility against to a pious worshipper of Mine, and the most beloved things with which My slave come nearer to Me, Is what I have enjoined upon him And My slave keeps on coming closer to Me through performing [Nawafil] Praying or doing extra deeds besides what are obligatory till I love him.

Then I become his sense of hearing, with which he hears and his sense of sight with which he sees, and his hand with which he grips, and his leg with which he walks; and if he ask Me, I will give him, and if he asks My protection (Refuge), I will protect him [give him My refuge], and I do not hesitate to do anything as I hesitate to take the soul of the believer, for he hates death, and I hate to disappoint him."] [Sahih Al-Bukhari]



محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۱(۵۹)۔ یہود و نصاریٰ سے تعلقات نہ بڑھاؤ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ۘ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (المآئدۃ،۵/۵۱)

ترجمہ: اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو شخص تم میں سے ان کو دوست بنائے گا وہ بھی انہیں میں سے ہوگا، بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

تشریح: اس آیت کا ایک تو ظاہری مفہوم ہے کہ یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست، ساتھی اور محافظ نہ بناؤ، اس لیے کہ وہ ایک دوسرے کے تو دوست ہیں، مگر مسلمانوں کے دوست نہیں ہو سکتے، دوسرا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کے سوا کسی کو اپنا محافظ، مددگار اور اپنا والی و ناصر نہ بناؤ، کہ یہ شرک ہے۔ (سورۂ الزمر (۲/۳۹) میں ہے:

آگاہ ہو جاؤ، دین (عبادت، بندگی) خالص اللہ ہی کے لیے ہے، وہ لوگ جنہوں نے دوست بنا رکھے ہیں، (اور کہتے ہیں) ہم ان کی (اس لیے) عبادت کرتے ہیں، تاکہ وہ ہمیں اللہ کے قریب کر دیں، بے شک اللہ تعالیٰ ہی ان باتوں میں، ان کے درمیان فیصلہ کرے گا، جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، بے شک اللہ کافروں کو ہدایت نہیں دیتا۔

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

11(59).Allah guides not unjust people:

Transliteration:

"Ya ayyuha allazeena amanoo la tattakhizul Yahooda wan-Nassara awliya, ba'zuhum awliyao ba'adz Wa manyatawallahum minkum fa,innahu minhum. Innallaha laa yahdi-lqawmaz zallimeen." (Al-maida:5:51)

Translation:

O you who believe, Take not the Jews and the Christians as auliya (friends, protector, helpers) they are but auliya of each other, And if any amongst you takes them (as auliya) then surely he is one of them. Verily Allah guides not those people who are the Zalimin (polytheoist, and wrong-doers and unjust).

[Allah states in Sura Az-Zumar[23:39:2]Surely the religion [i.e. the worship and obedience] is for Allah only. And those who take Auliya (protectors, helpers, lords, and gods) besides I and (say):" We worship them only that they may bring us near to Allah.' Verily Allah is judge between them concerning that where in they differ. Truly, Allah guides not him he is a liar, and a disbeliever.]

☆.....☆

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۲(۶۰)۔ جو کوئی دین حق سے پھرے گا وہ اپنا نقصان کرے گا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۡ يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○ (المآئدۃ،۵/۵۴)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو اللہ ایسے لوگ پیدا کر دے گا جن کو وہ دوست رکھے گا اور جسے وہ دوست رکھیں گے اور جو مؤمنوں کے حق میں نرمی کریں گے اور کافروں سے سختی سے پیش آئیں گے۔ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑی کشائش والا اور جاننے والا ہے۔

تشریح: اس آیت مبارکہ میں نبی اکرم ﷺ کے وصال کے بعد پیش آنے والے عظیم واقعہ ارتداد کی طرف اشارہ ہے، جس میں عرب کے بہت سے قبیلے مبتلا ہو گئے تھے۔ اسی طرح ان لوگوں کی طرف بھی، جو دین اسلام پر عمل کرنے کے بجائے دوسرے مذاہب وادیان اور دوسری تہذیبوں اور دوسری قوموں کی رسوم پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔

